# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Thursday, May 10, 2007*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad , at forty five minutes past five in the evening with Mr . Chairman (Mr. Mohammedmian Soomro) in the Chair.

---

*Recitation from the Holy Quran*

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

و نادٰی اصحٰب النار اصحٰب الجنۃ ان افیضوا علینا من المآءِ اوممّا رزقکم
اللہ۔ قالوا انّ اللہ حرّمھما علی الکٰفرین O الّذین اتّخذوا دینھم لھوًاوّلعبًاوّ غرّتھم
الحیٰوۃ الدّنیا فالیوم ننسٰھم کمانسوا لقآءَ یومھم ھٰذا وما کانوا بأیٰتنا یجحدونO

ترجمہ: شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اور دوزخ کے لوگ جنت والوں کو پکاریں گے کہ کچھ تھوڑا سا پانی ہم پر ڈال دو یا جو رزق اللہ نے تمہیں دیا ہے اسی میں سے کچھ پھینک دو۔ وہ جواب دیں گے کہ " اللہ نے یہ دونوں چیزیں ان منکرین حق پر حرام کر دی ہیں جنہوں نے اپنے دین کو کھیل اور تفریح بنا لیا تھا اور جنہیں دنیا کی زندگی نے فریب میں مبتلا کر رکھا تھا۔ اللہ فرماتا ہے کہ آج ہم بھی انہیں اسی طرح بھلا دیں گے جس طرح وہ اس

# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Thursday, May 10, 2007*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at forty five minutes past five in the evening with Mr. Chairman (Mr. Mohammedmian Soomro) in the Chair.

---------------------

*Recitation from the Holy Quran*

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

و نادٰی اصحٰب النار اصحٰب الجنۃ ان افیضوا علینا من المآء اومما رزقکم اللہ۔ قالوا انّ اللہ حرّمھما علی الکٰفرین O الّذین اتّخذوا دینھم لھوًاولعبًاو غرّتھم الحیٰوۃ الدّنیا فالیوم ننسٰھم کمانسو القآء یومھم ھٰذا وما کانوا باٰیٰتنا یجحدونO

ترجمہ: شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اور دوزخ کے لوگ جنت والوں کو پکاریں گے کہ کچھ تھوڑا سا پانی ہم پر ڈال دو یا جو رزق اللہ نے تمہیں دیا ہے اسی میں سے کچھ پھینک دو۔ وہ جواب دیں گے کہ " اللہ نے یہ دونوں چیزیں ان منکرین حق پر حرام کر دی ہیں جنہوں نے اپنے دین کو کھیل اور تفریح بنا لیا تھا اور جنہیں دنیا کی زندگی نے فریب میں مبتلا کر رکھا تھا۔ اللہ فرماتا ہے کہ آج ہم بھی انہیں اسی طرح بھلا دیں گے جس طرح وہ اس

دن کی ملاقات کو بھولے رہے اور ہماری آیتوں کا انکار کرتے رہے"۔

**جناب چیئرمین** : جزاک اللہ ۔بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللھم صل علیٰ محمد و علیٰ آل محمد۔ جی، کامران صاحب۔

**سینیٹر کامران مرتضیٰ**، جناب والا! یہ کوئی چھوٹی سی بات نہیں ہے بلکہ ایک بڑی بات ہے۔ چونکہ Question Hour شروع ہو چکا ہے۔ 22-2-07 کو میں نے ایک question کیا تھا۔ یہ Ports and Shipping کی Ministry کے بارے میں تھا جس میں میں نے پوچھا تھا،

(a) The contents of the agreement recently signed by the Government of Pakistan with Port of Singapore regarding operation of Gwader Port; and

(b) - Whether some exemptions have been given to the Port of Singapore in respect of Provincial and local taxes.

جناب والا! اس کیس میں جو پہلی زیادتی ہوئی ہے، وہ یہ ہوئی ہے کہ اس سوال کو Unstarred Question بنا دیا گیا ہے حالانکہ یہ ہماری زندگی اور موت کا مسئلہ تھا۔ اب اس کے Unstarred Question بن جانے سے اس پر کوئی بات نہیں کر سکتے ہیں۔

دوسری زیادتی اس معاملے میں یہ ہوئی ہے کہ جو document میں نے مانگا تھا، اس کا جواب انہوں نے یہ دیا ہے کہ

The agreement is voluminous document: salient features of the concession agreement are annexed to the reply.

یہ document نہ ہاؤس میں رکھا گیا ہے، نہ میرے پاس رکھا گیا اور نہ لائبریری میں رکھا گیا ہے۔

تیسری زیادتی اس کے ساتھ یہ ہوئی ہے کہ وہ taxes جن کے بارے میں کہہ رہے ہیں کہ ہاں! ہم نے exemption دی ہے، 20 سال کی exemption دی ہے، local اور provincial taxes میں exemption دی ہے لیکن اس کے بارے میں نہ تو کہیں province

سے permission لی ہے اور نہ ہی local authorities سے لی ہے۔

چوتھی اس میں جو زیادتی ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ اس Ports and Shipping Corporation کو مفت زمین دی گئی ہے جس کا اس سے کوئی تعلق نہیں تھا، وہ بھی انہیں provide کر دی ہے۔

جناب والا! جو پہلی زیادتی ہے، وہ جناب کے دفتر سے متعلقہ ہے کہ سوال کو Unstarred Question بنا کر ہمیں اس حق سے محروم کر دیا گیا ہے کہ ہم اس پر ضمنی سوالات پوچھ سکیں۔ دوسری زیادتی M.nistry کی طرف سے ہے کہ ہمیں وہ document مہیا نہیں کی گئی تاکہ ہم مزید سوال کر سکتے۔ تیسری زیادتی یہ ہے کہ انہیں مفت زمین دی گئی ہے۔ چوتھی زیادتی یہ ہے کہ اس میں local and provincial taxes کی exemption ہے۔ یہ not for a year, not for a month, not for a day بلکہ 20 سال کے لئے exemption دی گئی ہے۔ اس لئے ہم اس پر احتجاج کرتے ہیں اور بلوچستان سے تعلق رکھنے والے اراکین اس پر token walk out کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین، میرا جواب سن لیں اور اس کے بعد walk out کر لینا۔ آپ یقین کریں کہ کوئی ایسی بات نہیں ہوئی ہے۔ جو بھی ہوا ہے rules کے مطابق ہوا ہے۔تاہم میں اس پر آپ کے ساتھ اس کے ایک ایک پہلو پر بات کرنے کے لئے تیار ہوں۔ آپ کے پاس information نہیں ہے and that is definitely your right.

سینیٹر میاں رضا ربانی (قائد حزب اختلاف)، جناب والا! دوسری بات یہ ہے کہ جو انہوں نے کہا ہے یہ اپنی جگہ ہے لیکن یہ دیکھیں کہ یہ حکومت اس بات سے کیوں خائف ہے کہ جتنے بھی وہ agreements کر رہی ہے باہر کی کمپنیوں کے ساتھ، ان agreements کو فراہم کرنے سے گھبراتے ہیں۔ آپ نے دیکھا کہ KESC کا مسئلہ ہوا۔ ہم نے لکھا، سب کچھ کیا کہ ہمیں یہ agreement دیں۔ جب privilege motion move ہوا تو اس کے بعد انہوں نے یہ agreement لا کر دیا اور اس کے بارے میں کہا کہ یہ confidential agreement ہے اور اسے ہم public نہیں کر سکتے۔ اب اس Singapore Ports and Shipping agreement کے

بارے میں بھی exactly وہی چیز کی کہ website کے اوپر لے آئے، وہاں پر انہوں نے یہ کیا۔

Sir, these are all pub ic documents that are singned by these companies.

دال میں کچھ کالا ہے تو اسی لیے وہ agreements کو سامنے نہیں لانا چاہتے ہیں۔ اب صرف بلوچستان والے ہی اس بات پر token walk out نہیں کریں گے بلکہ پوری Opposition اس مسئلہ پر ان کے ساتھ ہے۔ اس لئے پوری Opposition اس مسئلہ پر token walk out کرتی ہے۔

(اس موقع پر اراکین اپوزیشن walk out کر گئے)

جناب چیئرمین، اس میں public document والی کوئی بات نہیں ہے تاہم we certainely take it up. Please rest assured on that account.

سینیٹر میر اسرار اللہ زہری، جناب والا! بلوچستان کا مسئلہ ہے۔ اس لیے میں بھی ان کے ساتھ walk out کرتا ہوں۔

(اس موقع پر سینیٹر میر اسرار اللہ زہری بھی walk out کر گئے)

سینیٹر گلشن سعید، میں Port and Shipping Committee کی چیئرپرسن ہوں۔ میں اس کی میٹنگ بلا کر اس مسئلہ کو دیکھ لیتی ہوں۔

جناب چیئرمین، ابھی اراکین اپوزیشن واپس آتے ہیں تو آپ ان کے سامنے اس بات کا اظہار کریں۔ It is a good gesture on your part and it is appreciated. میرا ارادہ بھی یہی تھا کہ آپ بھی اس میں کچھ کریں۔

(اس موقع پر اراکین اپوزیشن ایوان میں واپس تشریف لے آئے)

(مداخلت)

جناب چیئرمین، بلیدی صاحب! سارے سوالات rules کے حساب سے ہوں گے۔ کوئی voluminous documents ہوں گے، کوئی ایسی ہی بات ہوگی۔ آپ میرے پاس آئیے۔ You are most welcome. آپ سے اس بات پر discussion کر لیں گے۔ جناب اعظم صاحب۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی، جناب والا! میں اسی بات پر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم اسی لیے provincial autonomy کی بات کرتے ہیں کہ جب، تک صوبوں کو فیڈریشن کے اندر ان کا اختیار نہیں ہوگا تو وہ اپنے مستقبل کا تعین کس طرح کریں گے۔ کس طریقے سے فیڈریشن میں زمین بانٹی جا رہی ہے، کس طریقے سے حقوق کسی دوسری حکومت کو دیے جا رہے ہیں اور صوبوں سے پوچھا بھی نہیں جا رہا ہے۔ یہی حق تلفی کی باتیں فیڈریشن کے اندر ہماری تباہی کی علامت ہیں۔ یہی وہ باتیں ہیں جن سے ہمارے چھوٹے صوبوں کے اندر مایوسی پیدا ہو رہی ہے۔ خدا را! اگر ہم نے اسے درست کرنا ہے تو سب سے پہلے بلوچستان کی حکومت سے اور بلوچستان کے لوگوں سے بات کی جائے۔

جناب چیئرمین، کامران صاحب! گلشن سعید صاحبہ نے as Chairperson of the Standing Committee on Ports and Shipping کہا ہے کہ she will take up this matter. جو آپ نے پوری document مانگی تھی، اس کے بارے میں پالیسی ہوتی ہے کہ یہ ہاؤس میں نہ رکھی جائے but it should be accessible to you. اس پر گلشن سعید صاحبہ آپ سے coordinate کر رہی ہیں۔ She has very kindly offered and I appreciate her.

سینیٹر کامران مرتضیٰ، جناب والا! وہ کچھ documents Standing Committee میں بھی نہیں لائے۔

(مداخلت)

(اس موقع پر سینیٹر میر اسرار اللہ زہری ایوان میں واپس تشریف لے آئے)

سینیٹر گلشن سعید، جناب چیئرمین صاحب! آپ کامران صاحب کو بتائیے کہ میں manage کروں گی کہ یہ documents منگوائے جائیں اور جن ممبران کو ضرورت ہو، ان کو فراہم کئے جائیں گے۔

جناب چیئرمین، جی ڈاکٹر صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر عبدالمالک، جناب والا! میں نے تین بار request کی ہے لیکن کوئی

دینے کے لئے تیار نہیں ہے کیونکہ سنگاپور کی کمپنی ایک show piece ہے اور اس کے پیچھے عقیل ڈیڈھی بیٹھا ہوا ہے۔

جناب چیئرمین، آپ کسی کا نام نہ لیں جو یہاں پر نہیں ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر عبدالمالک، وہ وہاں پر جو بربادیاں کر رہا ہے۔

جناب چیئرمین، ہم ایسے نام نہ لیں جو یہاں نہیں ہے۔ آپ document کے بارے میں بات کریں۔

سینیٹر ڈاکٹر عبدالمالک، میری زمین جا رہی ہے اور میں نام نہ لوں۔

جناب چیئرمین، آپ بات کریں۔ document کے بارے میں بات کریں۔

سینیٹر ڈاکٹر عبدالمالک، آپ ہمیں برباد کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین، چیئر پرسن صاحبہ اس کو دیکھیں گی۔ Let us start the question hour now.

**Questions And Answers**

(مداخلت)

سینیٹر ڈاکٹر عبدالمالک، عقیل ڈیڈھی کا نام اس document میں mention کیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین، یہ document آ جائے گا۔

سینیٹر ڈاکٹر عبدالمالک، جناب چیئرمین، نہیں آئے گا۔

Mr. Chairman: The Chairperson has offered and we will follow it.

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، جناب والا! اس سودے کے بارے میں آپ ruling دے دیں کہ جب تک اس بارے میں سٹینڈنگ کمیٹی کی طرف سے کوئی باقاعدہ فیصلہ نہیں ہوتا، اس پر عمل روک دیا جائے۔ جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ اس سودے کو منسوخ کیا جائے۔

یہ کوڑیوں کے مول ہی نہیں بلکہ مفت زمین دی گئی ہے۔

جناب چیئرمین، کمیٹی اس لیے ہے کہ آپ اس میں یہ دیکھ لیں۔ The

Commit ee is a proper forum for it Let the Committee look into it, جب ایک

چیز already sign ہو چکی ہے۔ اس میں implications ہو سکتی ہیں

(مداخلت)

جناب چیئرمین، اس وقت question hour ہے۔ اسے اور طریقے سے بھی دیکھ سکتے ہیں۔

Let us go on the question hour. Question No. 43. Dr. Ismail Buledi.

Answer is not received.

43. ***Dr. Muhammad Ismail Buledi:** (Notice received on 22-02-2007 at 13.10 p.m.)

*Will the Minister for Labour, Manpower and Overseas Pakistanis be pleased to state the number of community welfare attaches presently posted abroad with province-wise break up?*

Reply not received.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، سوال نمبر 43 ہے۔ اس کے وزیر صاحب بڑے expert ہیں۔

جناب چیئرمین، غلام سرور صاحب سے پوچھ لیتے ہیں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، مجھے ذرا بات کرنے دیں۔

جناب چیئرمین، جب اس کا جواب ہی نہیں آیا تو پھر آپ کیا بات کریں گے۔ آپ تشریف رکھیں۔ مجھے منسٹر صاحب سے پوچھنے دیں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، میں ان سے پوچھوں گا۔

جناب چیئرمین، میں پوچھ رہا ہوں اور آپ ہی کی بات کر رہا ہوں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، پہلے میں پوچھوں گا۔ پھر آپ پوچھ لیں۔

جناب چیئرمین، دیکھیں، جب reply ہی نہیں ہے تو آپ کیا پوچھیں گے۔ میں ان

سے پوچھ لیتا ہوں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، میں وہی چیز پوچھ رہا ہوں۔ آپ کیا discuss کریں گے؟ جب آپ اس وقت بات کرلیں گے تو پھر آئندہ بات نہیں کر سکیں گے۔ Time ایک ہی دفعہ ہوتا ہے۔ اس لیے میں عرض کر رہا ہوں اور میں وہی پوچھ رہا ہوں جو آپ کہہ رہے ہیں۔ اگر سوال discuss ہو گیا تو دوبارہ کیسے آئے گا؟ آپ تشریف رکھیں۔ جی۔ غلام سرور صاحب۔

جناب غلام سرور خان (وفاقی وزیر برائے محنت و افرادی قوت و سمندر پار پاکستانی): جناب والا! آج کے اس running session میں ہمارے 10/11 سوال ہیں، جن کے میں جواب دوں گا۔ ان کے جواب آئے ہوئے ہیں۔ اگر اس ایک question کا جواب نہیں ہے تو اسی current session میں انشاء اللہ کسی next day پر آپ رکھ لیں۔ اس کا بھی جواب دے دیں گے۔

جناب چیئرمین، اس کو جلدی جلدی کرلیں۔ جواب آ جائے گا۔ We go to No. 40.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، جناب! مجھے اتنا حق دیا جائے۔ میرا سوال ہے۔

جناب چیئرمین، جلدی، مختصر رکھیئے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، میرا سوال ہے کہ وزیر صاحب تین مہینے، دو مہینے اکیس دن اس سوال کو ہو چکے ہیں۔

جناب چیئرمین، وہ ٹھیک ہے۔ لکھا ہوا ہے۔ سامنے ہے انہوں نے کہا ہے آ جائے گا۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، اگر ایک وزیر کے پاس تین مہینے تک جواب نہیں ہے۔ پھر آپ ہمیں instructions دے دیں کہ آپ سوال ہی نہ کریں۔ چھ مہینے کے بعد جا کر اس کا جواب آئے گا۔ اگر سینیٹ کو کوئی اہمیت نہیں دیتے ---

جناب چیئرمین، انہوں نے کہہ دیا ہے کہ اس session میں جواب آ جائے گا۔

جہاں دو مہینے گزر گئے چار دن اور آپ انتظار کرلیں۔ آ جائے گا۔ آنا چاہیئے اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ ٹائم پر آنا چاہیئے۔ کوئی اختلاف نہیں ہے۔

جناب غلام سرور خان، میں کل ہی جواب دے سکتا ہوں۔

جناب چیئرمین، وہ کل جواب دے دیں گے۔ کہہ رہے ہیں۔ کل جواب دے دیں گے۔ No. 44 Mr. Talha Mehmood اس کا بھی Reply not received یہ Communication کا ہے۔ Minister for Communications.

44. *Mr. Muhammad Talha Mahmood: (Notice received on 22-02-2007 at 13.12 p.m.)

*Will the Minister far Communications be pleased to state:*

(a) *the names and locations of the national highways in the country which are under construction at present;*

(b) *the amount spent on those projects so far; and*

(c) *the time by which those projects will be completed?*

Reply not received.

سینیٹر رضا محمد رضا، وہی مسئلہ ہے جناب۔

جناب چیئرمین، ڈاکٹر شیر افگن خان صاحب منسٹر صاحب نہیں ہیں۔ یہ پہلے بھی issue رہا ہے۔ Minister of State کوئی تو ہونا چاہیئے۔

سینیٹر رضا محمد رضا، آپ کا بھی کوئی جواب نہیں ہے۔

جناب چیئرمین، اس کو ہم take up کریں گے۔ منسٹر بھی نہیں ہے۔ We will take it up. Rest assured it will be taken up.

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب میری عرض سن لیں۔

جناب چیئرمین، مختصر رکھیئے۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب! میں بہت مختصر رکھتا ہوں۔ انتہائی مختصر بات یہ ہے کہ وزیر صاحب اگر یہاں نہیں آئے تو کیا انہوں نے آپ کو inform کیا تھا۔

جناب چیئرمین، اس لئے تو میں نے کہا ہے کہ منسٹر آئے نہیں تو کسی اور کو

کہیں کہ مجھے inform کریں۔ میں کہہ رہا ہوں کہ انہوں نے inform نہیں کیا۔ میں نے تو پہلے کہہ دیا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب آگے اگر آپ پوری book دیکھیں تو یہاں پر کم از کم پچیس سوال ہیں جن کی Reply not received تو کیا فائدہ۔ یہ سارے فروری کے سوال ہیں۔ میں بلیدی صاحب سے اتفاق کروں گا۔

جناب چیئرمین، بالکل بجا ہے۔ اس کو take up کریں گے۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب! پہلے بھی آپ کو عرض کر چکے ہیں۔

جناب چیئرمین، میں پہلے بھی take up کر چکا ہوں۔ آپ مجھے بتائیں اور کیا کروں۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب! کوئی ان کی جواب دہی کریں۔ کوئی جواب طلبی کریں۔

جناب چیئرمین، بھائی لکھا ہے ناں۔ بیچ میں attendance بہت بہتر تھی۔ آج بالکل نہیں ہے۔ میں مانتا ہوں۔ بیچ میں بہتر تھی۔ آپ پچھیں سوال جواب کر لیتے ہیں۔ آپ بتائیے کہ ہم نے اس کو عملی طریقے سے دیکھنا ہے۔ آپ کو جواب سے غرض ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، آپ ان کو censure کریں۔ میں censure motion move کرتا ہوں۔ آپ kindly censure کریں کم از کم۔

جناب چیئرمین، Censure میں کیا کریں گے۔ یہ تو ہاؤس کی unanimous feeling ہے اس سے بہتر censure تو آدمی کا کچھ نہیں ہوتا ناں۔ یہ سب کچھ ریکارڈ پر آ رہا ہے۔ یہی ان کو communicate ہو گا' یہی censure ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، آپ کی leniency سے وہ ناجائز فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

جناب چیئرمین، نہیں نہیں کوئی leniency نہیں ہے۔

rest assure. It will be taken up soon. No. 45. Sahibzada Khalid Jan.

45. ***Sahibzada Khalid Jan:** (Notice received on 22-02-2007 at 13.14 p.m.)

*Will the Minister far Social Welfare and Special Education be pleased to state the number of passes issued by Bait-ul-Mal under food support programme indicating the number of such passes issued on the recommendations of members of Parliament during the last four years?*

**Mrs. Zobaida Jalal:** Pakistan Bait-ul-Mal (PBM) does not issue passes to Food Support Programme (FSP) beneficiaries. After registration, individual FSP beneficiaries open their accounts in Post Offices. On opening of account, Post Offices issue passbooks to the beneficiaries for receiving FSP subsidy.

District Food Support Steering Committee (DFSSC) headed by District Nazim is responsible for identification, scrutiny, selection and registration of FSP beneficiaries in each District. DFSSC receives applications for FSP subsidies from Parliamentarians and Public Representatives, through the Offices of PBM, Zakat and District/Tehsil and Union Council Nazims as well as directly from beneficiaries.

Mr. Chairman: Where is the Minister, again? Anybody on his behalf here. Sher Afgan Sahib.

آپ کو بھی اس پر کچھ نہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی(وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور)، اب بات یہ ہے کہ I was busy ہاؤس میں ہماری سٹینڈنگ کمیٹی کی میٹنگ تھی۔ شاید پیچھے کچھ کہا ہو لیکن مجھے وہ بھجوایا نہیں۔ پیپر وغیرہ یا کہا نہیں۔

Mr. Chairman: It will be taken up. Rest assured.

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، اگر منسٹر نے نہیں آنا تو پھر ہم کیوں بیٹھے ہیں یہاں پر---

جناب چیئرمین، آپ کی بات بجا ہے۔ اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اگر ہاؤس یہ چاہتا ہے۔ تو I have no problem یہ ہاؤس نے فیصلہ کرنا ہے۔ لیکن جو منسٹر آئے ہیں کم از کم ان کو سوال تو کریں ناں۔ Powerful نہیں ہیں تو defer ہوں گے سارے۔ جو منسٹر نہیں

ہے۔ questions will be deferred جو آئے ہیں We should not penalize them. ان کے سوالات آپ take up کریں اور باقی we will take it up at the forum also and will defer the questions.

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب! بجائے آپ نے سوال کے----

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، میں بھی جواب دے سکتا تھا تیس سال میں منسٹر رہا ہوں لیکن مناسب نہیں سمجھا چونکہ میرے حوالے انہوں نے question answer نہیں کیا اس لئے میں نے---- ورنہ I could reply very rightly

جناب چیئرمین، بڑی مہربانی، آپ کے بغیر میں کیا کرسکتا ہوں۔ جی ڈار صاحب۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار، جناب چیئرمین صاحب! میری صرف اتنی گزارش ہے کہ پچھلے ۱۵ سال سے ہم ہاؤس میں آ جا رہے ہیں۔ Belive me کہ اتنا casual سینیٹ کو کبھی نہیں لیا گیا ہے جتنا اب لیا جا رہا ہے یہ we are taken for granted, luckily نیشنل اسمبلی سیشن میں نہیں ہے اس کا صحیح تھا اگر وہ ہوتا ہے تو سب سے پہلے excuse ہوتا کہ وہاں پر نہیں ہے۔ جناب! یہ اچھی بات نہیں ہے آپ ان کو strict remarks pass کریں اور ان کو bound کریں کہ یہ مہربانی کریں، اگر نہیں ہیں تو پہلے ہی آپ کو inform کریں کہ کم ازکم اس کو لسٹ میں نہ رکھا جائے۔ میری صرف یہ گزارش ہے۔

جناب چیئرمین، ہاؤس کا کیا خیال ہے کہ میں نہیں کرتا۔ I don't want the House

سینیٹر محمد اسحاق ڈار، جناب! اس کا اثر نہیں ہے۔

جناب چیئرمین، اثر دیکھیئے۔ Directly مجھے بتائیں جو آپ کہیں' stricture میں ہے اور جو نہیں آ رہا ، اگر آپ کہتے ہیں کہ اس کو ban کریں تو وہ اور خوش ہوگا۔ We want them to come to improve So let us those......... who are not coming, we should get them to come rather than not to come. تو یہ ہے کہ جو ہے ۔ Let us appreciate that and take them ممبروں کے جو سوالات ہوتے ہیں باقی ان کو defer کر

دیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جناب چیئرمین صاحب! صدر صاحب کا بلوچستان میں جلسہ ہے تو زبیدہ جلال صاحبہ وہیں سے تعلق رکھتی ہیں تو ان کے حلقے میں ہیں۔ She did not come down اب میں اس کا جواب دے سکتا ہوں لیکن مناسب نہیں ہے۔

جناب چیئرمین، تفہیم صاحب دے رہے ہیں۔

سینیٹر جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق تھیم (وزیر برائے لوکل گورنمنٹ)، میں بیت المال کا خود support program کا Co Chairman ہوں۔

جناب چیئرمین، تھیم صاحب آپ کیا ۴۵ کا جواب دے سکیں گے؟

سینیٹر جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق تھیم، وہ question کا supplementary کریں۔ جواب تو ہے۔

جناب چیئرمین، سپلیمنٹری سوال۔

سینیٹر صاحبزادہ خالد جان، جناب والا! اراکین پارلیمنٹ کی سفارشات پر کتنے کارڈ جاری کیے گئے ہیں اس کا جواب نہیں دیا ہے۔ میرے علم کے مطابق ابھی تک کسی پارلیمنٹ ممبر کی سفارش پر بیت المال کا کارڈ جاری نہیں کیا گیا ہے۔ ہر ضلع میں ناظمین آپس میں تقسیم کرتے ہیں اراکین پارلیمنٹ کا خیال نہیں رکھتے ہیں۔ اس کو check کرنا بھی بہت ضروری ہے۔

سینیٹر جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق تھیم، بیت المال کا جو سپورٹ پروگرام ہے اس سے پہلے 2400/ روپے چھ مہینے کے بعد دیئے جاتے ہیں اب 3000/ روپے سال کے کیے گئے ہیں، اور میں خود سندھ میں جاتا ہوں میں ان کے علاقے میں نہیں گیا وہاں ان سے ملتا ہوں، اور ان سے meeting کرتا ہوں اور card holders کارڈ دے کر پوسٹ آفس سے چھ مہینے کے بعد پیسے لیتے ہیں۔ ابھی ایک سال میں اس کو 3000/ روپے ملیں گے۔ اگر اس کے ڈسٹرکٹ میں کسی کو کوئی شکایت ہے۔ تو مجھے بتائیں تو میں وہاں چلا جاؤں گا۔

جناب چیئرمین، ٹھیک ہے۔ انشاء اللہ آپ coordinate کر لیں۔ منسٹر صاحب نے

خود commit کیا ہے۔ جی، بنگزئی صاحب، اسی سوال پر سپلیمنٹری ہے؟

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، جی، شکریہ جناب چیئرمین! کیونکہ یہاں متعلقہ منسٹر صاحبہ نہیں ہیں اور تھہیم صاحب اس کا جواب دے رہے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ انہوں یہاں جو جواب دیا ہے کہ اراکین پارلیمنٹ سے براہ راست بھی وصول کر سکتے ہیں، لیکن اس سلسلے میں اراکین پارلیمنٹ کو انہوں نے کوئی letter کوئی circular کوئی ایسی اطلاع دی ہے کہ آپ براہ راست ان کے متعلق نام دے دیں۔ یقیناً انہوں نے آج تک کسی کو نہیں دیا ہوگا۔ انہوں نے اراکین پارلیمنٹ کو اطلاع بھی نہیں دی کہ آپ اس ضمن میں بیت المال کے کچھ سپورٹ کے حوالے سے آپ کا کوئی role ہو سکتا ہے۔ تو پھر یہاں جواب میں کوئی logic مجھے نظر نہیں آتی ہے؟

سینیٹر جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق تھہیم، بیت المال کا procedure الگ ہے۔ ڈسٹرکٹ کمیٹی بنی ہوئی ہے۔ ڈسٹرکٹ ناظم، DCO، اور کچھ ممبرز ہیں جن کو کسی کی application آتی ہے وہاں پیش ہوتی ہے وہ اس کو scrutinize کرکے جب بھیجتے ہیں تو اس کے بعد وہاں کا جو آفیسر ہے وہ اس کے بعد passing کا کارڈ دیتا ہے۔ کارڈ کے بعد automatically پوسٹ آفس سے وہ six monthly لے لیتے ہیں۔ یہ portfolio ناظم کا ہے۔ اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ اس کے بعد ملتے ہیں اور میں خود سندھ میں جن جگہوں پر گیا ہوں اور کراچی تک گیا ہوں اور دیکھا ہے کہ اس میں کچھ جگہیں especially reserve ہوتی ہیں جن میں یہ beneficiary ہوں گے۔ اس ڈسٹرکٹ میں اتنے سارے ہیں تو اگر پاکستان میں کوئی question بہت زیادہ ہو تو ہم اس کے particulars دیں گے۔

جناب چیئرمین، بابر اعوان صاحب آپ کا بھی ہے۔ تین ہو گئے ہیں۔ بابر صاحب کا آخری سپلیمنٹری ہے۔ بنگزئی صاحب! وزیر صاحب آپ کو جو بتا رہے اگر آپ کو اس پر تسلی نہیں ہے تو مجھے بتائیے گا' .we will follow it again

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل، جناب چیئرمین! میرا بڑا سادہ سا سوال ہے کہ پارلیمنٹ کے ممبران کی recommendation پر وہ یہ دیتے ہیں یا نہیں؟ اصل بات یہ ہے۔

جناب چیئرمین، میرے خیال میں ایسا کوئی سسٹم میرے علم میں تو نہیں ہے۔

سینیٹر جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق تھہیم، جو procedure ہے اس میں یہ نہیں ہے۔

جناب چیئرمین، Recommendation پر کوئی پابندی نہیں ہے لیکن یہ لازم بھی نہیں کہ جو پارلیمنٹ کے ممبر recommend کریں گے وہ مانا بھی جائے گا۔ کوئی پابندی نہیں ہے لیکن لازم بھی نہیں ہے۔

سینیٹر جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق تھہیم، پارلیمنٹ کے ممبر اگر recommendation دیں گے تو اس کو weight ضرور دیا جائے گا، پارلیمنٹ کے ممبران سے اوپر کون ہو سکتا ہے۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل، Recommendation پر کوئی پابندی نہیں ہے۔

جناب چیئرمین، Recommendation پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ وزیر صاحب کہہ رہے ہیں کہ اس کو weightage دی جائے گی، لیکن لازم نہیں کیونکہ انہوں نے اپنا ایک سسٹم بنایا ہوا ہے۔ اعوان صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیرالدین بابر اعوان، صفحہ نمبر 2 پر جو جواب کا دوسرا حصہ ہے اس کی طرف توجہ دیں۔

District Food Support Steering Committee (DFSSC) headed by District Nazim is responsible for identification, security, selection and registration of FSP beneficiaries in each District.

اس کا criteria کیا ہے؟ آپ کو اور مجھے معلوم ہے کہ ہر جگہ جہاں ضلعی ناظم ہے اس کا مخالف گروپ بھی ہے، وہاں پر ایک اپوزیشن بھی ہے اور کچھ لوگ وہ ہیں جن کا کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ چونکہ زکوٰۃ کی طرح یہ funds ایسے ہیں جو صاحب استطاعت لوگوں کے ہاں سے بھی جاتے ہیں اور بینکوں سے بھی کٹتے ہیں تو ان کی at par distribution کے لیے کوئی اور نظام نہیں بنایا جا سکتا کہ آپ ضلع ناظم کو کہہ دیں کہ وہ سیاسی طور پر استعمال کرے یا ذاتی صوابدید اس

میں استعمال کرے' Can he answer that question?

جناب چیئرمین ، I think, ا گر آپ تجاویز دیں تو they will consider. تھہیم صاحب۔

سینیٹر جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق تھہیم ، ان کی تجاویز کو consider کیا جا سکتا ہے' کوئی problem نہیں ہے۔

Mr. Chairman: Now, we go on to Question No. 46.

(Q. No. 46 was put Dr. Muhammad Ismail Buledi on behalf of Dr. Khalid Mehmood Soomro)

46. ***Dr. Khalid Mehmood Soomro:** (Notice received on 22-02-2007 at 13.15 p.m.)

*Will the Minister for Education he pleased to state:*

(a) *whether it is a fact that deputy Educational advisor (BP-19) namely Mr. Shamsuddin Mangrio, Mrs. Rashida Baloch and Mr. Irshad Ali Shah were superseded and officers juniors to them namely Mr. Arif Majeed, Mr. Saqib Ali Khan and Dr. Fiaz Ahmed were promoted from BS-19 to BS-20, if so, the reasons for supersession; and*

(b) *whether it is also a fact that some cases were registered in NAB against one of the said promotees, if so, the details thereof?*

**Lt. Gen. (Retd.) Javed Ashraf:** (a) Yes, the reasons for supersessions are as under:

1. **Mrs. Rashid Baloch, Sindh (R)**
Score below the required threshold.

2. **Mr. Shamsuddin Mangrio, Sindh (R)**
His performance did not meet the criteria of excellence and comparative merit.

3. **Syed Irshad Ali Shah, Sindh (R)**
His performance did not meet the criteria of excellence and comparative merit.

(b) No.

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، جناب والا! میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ یہ Deputy Educational Advisors سندھ کے rural areas سے ہیں اور ان بیچاروں کی پچیس پچیس سالہ سروس کے بعد ان کو بیک جنبش قلم صرف اس لیے promote نہیں کیا گیا کہ ان کے ریکارڈ پر excellence نہیں ہے۔ کیا پاکستان کی پبلک سروس کی تاریخ میں good and very good پر promotions نہیں ہوتی رہی ہیں؟ اگر ہوتی رہی ہیں تو پھر ان دو حضرات اور ایک خاتون کو یہ سزا کس بات کی دی گئی ہے؟ یہی تو سروس میں ایک charm ہے کہ good grades پر وہ promote ہوتے رہتے ہیں۔ میری اتنی سی گزارش ہے۔

سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) جاوید اشرف (وفاقی وزیر برائے تعلیم): Central Selection Board grade 19 سے grade 20 میں ترقی کرتا ہے اور اس میں تمام eligible officers کے نام وزارت submit کرتی ہے۔ اس کے بعد number of vacancies کے مطابق وہ pick up کرتے ہیں جن کی best evaluation ہوتی ہے۔ اس میں Ministry نے بارہ نام بھیجے تھے جن میں سے جو تین best تھے جس کو Central Selection Board نے، جس میں تمام Chief Secretaries بھی ہوتے ہیں اور senior most Federal Secretaries ہوتے ہیں، انہوں نے ان تین حضرات کو جو promote ہوئے ہیں، recommend کیا، اور جن تین کا یہ ذکر کر رہے ہیں ان کو انہوں نے promotion کے لیے recommend نہیں کیا۔ اس میں چونکہ کوٹہ نہیں ہوتا comparative merit کے اوپر ہوتا ہے اس لیے جن کا merit بنتا تھا، وہ promote ہو گئے۔

سینیٹر جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق تھہیم، جناب چیئرمین! میں عرض کروں گا کہ یہ تین افسر جن کو promotion نہیں ملی وہ سندھ سے تعلق رکھتے ہیں۔ I want to know from the honourable Minister what do their confidential reports say? آپ ان کی confidential reports منگوا کر دیکھیں کہ کیا ان میں کوئی ایسی چیز ہے یا ان کو کوئی نوٹس پہلے دیا ہے۔ For non-performance and misconduct کے لیے notice ہوتا ہے۔ وہ نہیں دیا گیا۔

جناب چیئرمین: میرا خیال ہے کہ جیسا کہ وزیر صاحب نے کہا ہے ایسا نہیں ہے کہ performance خراب ہے۔ It can be کہ دوسروں کی ان سے بہتر ہو سکتی ہے تو اس وجہ سے۔ اگرچہ promote نہ ہونے والوں کی report negative نہیں ہے لیکن others may be better. Am I correct in that Mr. Minister?

سینیٹر جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق تھہیم: متعلقہ آدمی کو نوٹس دیا جاتا ہے کہ آپ کی performance ٹھیک نہیں ہے۔ ایک نوٹس، دو نوٹس، تین نوٹس یا confidential record میں لکھا جاتا ہے ہر سال کہ اس کی performance ٹھیک نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: اگر negative reports ہوں۔

سینیٹر جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق تھہیم: جب rating ہوتی ہے تو اس کو اس کا نوٹس دیا جاتا ہے۔ whether notice has been given?

سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) جاوید اشرف: چیئرمین صاحب ٹھیک فرما رہے ہیں، اگر کوئی negative چیز ہو تو اس پر warning دی جاتی ہے وہ ریکارڈ کر دی جاتی ہے۔ Compartative evaluation کی بات ہے چونکہ اس میں quota نہیں ہوتا it is alway totally on merit اس لیے merit میں جو maximum بنتے تھے وہ promote ہوگئے۔

جناب چیئرمین: جی بلیدی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب چیئرمین! جسٹس تھہیم صاحب کی ہمدردیاں ہمارے ساتھ ہیں۔ پہلی دفعہ ایک وزیر نے اس کو point out کیا اور ہم نے ڈیسک بھی بجائے۔ جناب چیئرمین! پاکستان میں میرٹ، آپ کو بھی پتا ہے اور آپ اداروں میں رہے ہیں۔ حال ہی میں پی آئی اے میں جو -----

جناب چیئرمین: نہیں نہیں آپ پی آئی اے کا نہیں اسی پر رہیں۔ اس سوال کا ہی سپلیمنٹری ہو گا۔ اس کا ہے تو بولیں ورنہ تشریف رکھیں۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: یہاں جو مسئلہ ہے اس کو باقاعدہ آپ کمیٹی میں

بھیجیں۔ ہمارے وزیر صاحب کا جواب درست نہیں ہے۔ ان کا جو ریکارڈ ہے' یا رپورٹ ہے بالکل صحیح ہے لیکن بدقسمتی سے من پسند لوگوں کو promote کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین، بلیدی صاحب تشریف رکھیں' اس میں انہوں نے quote کیا ہے' بتایا ہے کہ رپورٹ کیا ہے غلط بیانی تو نہیں کر سکتے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، یہاں پر ابھی کوئی میرٹ نہیں ہے جو لوگ پسند ہوتے ہیں وہ promote ہوتے ہیں۔

جناب چیئرمین، تشریف رکھیئے جواب سن لیں۔

سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) جاوید اشرف ، Sir, to start with I resent in saying کہ وزیر صاحب نے غلط کہا ہے۔

Mr. Chairman: I have already corrected that.

سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) جاوید اشرف ، میں نے جس طرح بتایا ہے کہ سنٹرل سلیکشن بورڈ کا decision ہوتا ہے منسٹری کا نہیں ہے تو اس میں کوئی ہمارے favouritism کا تعلق نہیں ہے۔ ہم نے تو بارہ نام بھیج دیے تھے کہ یہ بارہ آپ consider کرلیں یہ senior most ہیں۔ سنٹرل سلیکشن بورڈ میں فیڈرل سیکرٹری مختلف منسٹریوں کے ہوتے ہیں' چیئرمین فیڈرل پبلک سروس کمیشن preside کرتا ہے۔ چیف سیکرٹری ہوتے ہیں۔ comparative evaluation پر بنے ہیں۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ یہ اچھے افسر نہیں ہیں۔ The point is دوسروں کو ان سے بہتر consider کیا ہے۔ چونکہ صرف تین اسامیاں تھیں' تین نے بننا تھا۔ انہوں نے جو best تین تھے وہ بنا دیئے اب اس میں کوئی favouritism نہیں ہے۔

جناب چیئرمین، جی عباسی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ آج پہلی دفعہ اس ہاؤس کے اندر ایک وزیر صاحب اتنے dissatisfied ہوئے۔ تصمیم صاحب ہمارے انتہائی عزیز اور ہر دلعزیز وزیر ہیں۔ آج وہ بھی point out کرنے کے لئے کھڑے ہوئے کہ جی یہ تینوں

افسران جن کے نام آئے ہیں، تینوں کا تعلق سندھ دیہی سے ہے۔ میری وزیر صاحب سے request یہ ہے کہ وہ بتائیں جو تین افسران promote ہوئے ان کا تعلق کس صوبے سے ہے۔ نمبر ۲۔ آپ کو یاد ہوگا کہ اس سے پہلے 19, 20 گریڈ کی جو promotions ہوئی تھیں اس پر یہاں پر ایک motion move ہوئی تھی، میرے خیال میں پہلے ایک سوال آیا تھا، اس کے بعد وہ سوال، وہ موشن آپ نے کمیٹی کو refer کیا تھا۔ آپ نے ایک سپیشل سب کمیٹی ایس ایم ظفر صاحب کی سربراہی میں بنائی تھی۔ چونکہ میں سب کمیٹی کا ممبر تھا، ہم جب تفصیل میں گئے تو جو criteria بنایا گیا تھا اس حوالے سے اس کمیٹی نے باقاعدہ رپورٹ submit کی کہ اس حوالے سے یہ بات ثابت ہوئی کہ promotions کے اندر جانبداری کا احساس ہوتا تھا۔ جناب والا! میری درخواست وزیر تعلیم سے ہے کہ یا تو وہ خود اپنے طور پر اس کو دوبارہ دیکھیں۔ ورنہ میری آپ سے درخواست ہوگی کہ آپ ایک سب کمیٹی بنائیں جو ان سارے promotions میں جائے، کیونکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ انتہائی زیادتی ہوئی ہے اگر اس طرح سے ہوا ہے۔ یعنی ایک صوبے کے لوگ اس طرح سے رہ جائیں۔ جیسا میں نے پہلے سوال کیا تھا، میں جنرل صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ جو تین لوگ promote ہوئے ہیں ان کا تعلق کس صوبے سے ہے؟

سینیٹر جسٹس (ریٹائرڈ) عبدالرزاق تھہیم، منسٹر صاحب نے کہا ہے I take my position correct. I am Senator from Sindh. Then the Minister, I have got the right to defend the persons of the Sindh اس پر میں نے وزیر صاحب کو کچھ بھی نہیں کہا۔ اس میں اگر کمیٹی کا ہے تو کوئی آپ کمیٹی رکھیں، جو ان کا ریکارڈ دیکھے، Confidential Report دیکھے کیونکہ وزیر صاحب کہتے ہیں کہ میرا کوئی واسطہ نہیں ہے۔ I accept it, selection committee ہے، مگر selection committee میں تین جگہوں پر ایک بھی سندھ کا نہیں آتا۔ پہلے وہ promote ہوتے رہے ہیں، اگر آپ سوال کا جواب دیکھیں۔ اس پر یا کمیٹی رکھیں، یا جیسے آپ رکھیں، ہم کہتے ہیں کہ ان سے انصاف ہو، ہم انصاف مانگتے ہیں سندھ والوں کے لئے اور ہم لڑنا نہیں چاہتے۔ مہربانی کریں۔

**Mr. Chairman:** Qazi Sahib can you take a look at this.

سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) جاوید اشرف، جناب والا! میں ان کی satisfaction کے لیے بتا رہا ہوں کہ بارہ بھیجے تھے تین بنے ہیں' جو supercede ہوئے ان میں پنجاب کے بھی ہیں' سرحد کے بھی ہیں یہ نہیں کہ صرف سندھ کے supercede ہوئے ہیں۔ آپ لوگوں نے چونکہ سوال ہی صرف سندھیوں کے بارے میں کیا ہے اس لیے وہ سندھ کا لکھا ہوا ہے۔یہ نہیں کہ باقی نہیں ہوئے۔سب ہوئے ہیں'سب صوبوں کے supercede ہوئے۔

(مداخلت)

سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) جاوید اشرف، ایک سیکنڈ آپ مجھے جواب دینے دیں تاکہ تھیم صاحب کی بھی satisfaction ہوجائے۔ ان تین میں سے جو نہیں بنے ایک تو qualified نہیں' نمبر کم ہیں' جو minimum required qualification تھی اس خاتون کے نمبر اس سے بھی کم بنتے ہیں۔ دوسرا جو بنے ہیں ان سے اس کے نمبر کم تھے۔ زیادہ نمبروں والے بنے ہیں۔ تیسرا جو ہے اس کے نمبر' دو کے نمبر زیادہ تھے تیسرے کے وہ برابر تھا' برابر میں سے جب انہوں نے comparative evaluation کی تو جو نمبر ۳ تھا وہ بن گیا ہے اور یہ بندہ نہیں بنا۔ But it does not mean کہ وہ آئندہ نہیں بنے گا۔ Point is کہ out of these three vacancies جو اس وقت تھیں جو تین best تھے ان کو سنٹرل سلیکشن بورڈ نے duly consider کر کے promote کیا ہے approved then subsequently by the Prime Minister. ڈومیسائل ان تینوں کا Rural Sindh تھا اور سوال بھی اسی لئے کیا گیا۔ پہلی بات یہ ہے کہ ڈومیسائل نہ سلیکشن بورڈ میں بھیجا جاتا ہے نہ میں نے نوٹ کیا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی، آپ دے دیں ہم کب کہہ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین، نہیں' انہوں نے بڑا تفصیل سے بتا دیا ہے کہ جو دو برابر کے تھے اس میں سے ایک کا ہے for the information of the House جو آپ چاہتے ہیں وہ سوال میں نہیں تھا He will get the information and bring it to the House.

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب والا! یہ related to the question ہے۔ وزیر صاحب نے بڑی خوش اسلوبی سے ایک دو تین نمبروں کے چکر میں ہمیں ڈال دیا۔ ہمیں علم ہے

کہ اس level کے اوپر کوٹہ کو بنیاد نہیں بنایا جاتا لیکن ہم یہ جاننا چاہتے ہیں کہ جو تین promote ہوئے ہیں، جو صدر صاحب کا سوال تھا، جو تین promote ہوئے ہیں ان کا تعلق کس صوبے سے ہے؟ after all وہ کسی صوبے سے تو ہیں ناں؟

جناب چیئرمین، It is a new thing. information نہیں ہوگی کیونکہ یہ تین کا جیسے انہوں نے کہا ہے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، کیوں نہیں ہوگی۔

جناب چیئرمین، یہ مجھے بتا دیں، یہ نہیں کہہ رہے کہ نہیں ہے۔ اس وقت اگر ready نہیں ہے تو میں بھی یہی کہہ رہا ہوں کہ information دے دیں and I will bring to the House.

سینیٹر میاں رضا ربانی، کیوں نہ ہو۔

جناب چیئرمین، بارہ لوگ ہیں، بارہ کے نام نہیں ہونگے۔ It is possible.

سینیٹر میاں رضا ربانی، بارہ کے نہیں جو تین promote ہوئے ہیں۔ ہم ان تین promotees کا پوچھ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین، دیکھیں سوال میں تین specific نام دیئے گئے ہیں، وہ نہیں ہیں تو یہ، یہ تو نہیں کہہ رہے ہیں کہ نہیں آسکتے۔ He will give it to the House later. آپ کے پاس ابھی نام موجود ہیں؟

سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) جاوید اشرف، جناب مجھے دو کے بارے میں علم ہے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، چلیں دو کا ہی بتا دیں۔

جناب چیئرمین، چلیں دو کا ہی بتا دیں۔

سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) جاوید اشرف، دو پنجاب ہیں، تیسرے کا مجھے علم نہیں۔

جناب چیئرمین، دو پنجاب سے ہیں، تیسرے کا نام مجھے بھیج دیجئے گا۔

and I will pass it on. Question No. 47 Liaqat Ali Bangulzai.

47. ***Mr. Liaqat A. Bangulzai:** (Notice received on 22-02-2007 at 13.17 p.m.)

*Will the Minister for Environment be pleased to state:*

*(a) the details of grants received from international donors for environment related projects during the years 2004-05 and 2005-06; and*

*(b) the details of projects on which those grants were spent?*

**Makhdoom Syed Faisal Saleh Hayat:** (a)

*In million*

| Donor's Names | Grants Received | |
|---|---|---|
| | 2004-2005 | 2005-2006 |
| Asian Development Bank (ADB), Loan No. 1403-PAK (SF) | FEC =15.361<br>GOP= 0.5<br>Total= 15.861 | FEC =3.47<br>GOP= 0.2<br>Total=3.67 |
| Global Environment Facility GEF/WB Grant No. 284080 - Pak (SP) | FEC = 5.89<br>GOP= 0.1<br>Total=5.99 | FEC =4.68<br>GOP= 0.34<br>Total=5.02 |
| Global Environment Facility (GEF), through UNDP | Nil | 20.40 |
| United Nations Multilateral Fund for the Implementation of the Montreal Protocol | 4.96 | 5.80 |
| GEF | 0.083 | 0.155 |
| Government of Japan | Nil | 660.00 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| *UNDP | | | |
| * The Financial | 2004 | 2005 | 2006 |
| Year of the donor | 32.44 | 23.02 | 46.48 |
| Agency begins from 1st January | | | |
| to 31st December | | | |

(b) Detail of projects on which the grants were spent are at Annexure-I

**Annex-I**

* Strengthening of Forestry Wing at Federal Level to implement FSMP
* Protected Areas Management Project (PAMP) (Federal Component)
* Sustainable land Management Project
* Institutional Strengthening of Ozone Cell for the Implementation of the Montreal Protocol.
* National Capacity Self Assessment
* Establishment of Environmental Monitoring System in Pakistan
* National Environmental Action Plan Support Programme (NEAP-SP)
* Natural Resource Damage Assessment (NRDA) arising out of Tasman Spirit Oil Karachi.
* Self Monitoring / Green Indus try Programme for Pakistan (All over the Country).
* Establishment of Botanical Garden in Islamabad
* 2nd South Asian Conference on Sanitation (SACOSAN-II)
* Watershed Management AJK
* Conservation improvement & Extension of Kareezes at District Panjgur Balochistan.
* Promotion of organic farming in district Mirpurkhas
* Water supply Programme for Clean Drinking Water Charsadda, NWFP
* Integrated NRM and promoting tropical forests & echo agriculture practices at Bhit Bhadara velly District Jamshoro Sindh.
* Reduction of indoor pollution and conservation of Forests through promotion of LPG enhanced energy efficiency & resource management at Galiyat.

Mr. Chairman: Yes, Bangulzai Sahib.

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، جناب چیئرمین! میرا جو متعلقہ وزیر ہے وہ تو آج موجود ہی نہیں ہے۔

جناب چیئرمین، نیازی صاحب جواب دے رہے ہیں۔ نیازی صاحب کو delegate کیا ہوا ہے آپ سوال کریں۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، جناب والا! میرا سوال یہ ہے کہ بین الاقوامی امداد دینے والی جو ایجنسیاں ہیں انہوں نے سال 2004-05, 2005-06 میں کل کتنی grants دی ہیں؟ اور ان منصوبوں کی کیا تفصیلات ہیں جن پر یہ گرانٹ خرچ کی گئی ہے؟ منصوبوں کا نام تو بتایا گیا ہے لیکن جناب چیئرمین! اس میں کوئی ڈیڑھ درجن منصوبے ہیں۔ انہوں نے ایک جگہ کہا ہے کہ Conservation, improvement, and Extension of Kareezes at District Panjgur, Balochistan. میں ان سے یہ سوال پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس وقت ہمارے ضلع پنجگور میں میں کتنے کاریز پر کام ہوا ہے جو dead ہو چکے ہیں؟ کتنے کو انہوں نے live condition میں لایا ہے؟ جو پیسے ان کو ملے ہیں اس میں صرف ڈسٹرکٹ پنجگور کو nominate کیا ہے جبکہ ہمارے بلوچستان میں کئی ایسے اضلاع ہیں جن کی پوری زرعی معیشت کاریز پر ہے۔ وہ اگر جواب دینا چاہیں تو وہ دے دیں۔

جناب چیئرمین، کافی تفصیل آپ مانگ رہے ہیں، بہر حال پوچھیں۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، جناب والا! میں نے question میں بھی تفصیلات مانگی ہیں۔ انہوں نے صرف نام دیے ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جناب والا! اس کی دولسٹیں ہیں۔ ایک پر جیسا کہ وہ ڈیڑھ درجن فرما رہے ہیں لیکن basic project سات ہیں، جن کی تمام تفصیل میرے پاس ہے۔ جیسا کہ

Strengthening of Forestry Wing at Federal Level for Sustainable Monitoring and Implementation of Forestry Sector Master Plan (FSMP)

یہ نمبر one project ہے اور اس میں

Strengthening of Forestry Wing at Federal Level for Sustainable Monitoring and Implementation of Forestry Sector Master Plan

اس project کا نام ہے اور اس کا donor Asian Development Bank ہے اور اس کی duration 1998-2005 آٹھ سال ہے۔ اس کی total cost 48.36 million rupees تھی۔

Project objective is to develop the forestry database and update FSMP through conduct of applied research studies in forestry and range lands. Conduct of training workshops, seminars, develop a framework for promoting the forest resources.

یہ نمبر one project ہے ۔ دوسرا Protected Areas Management Project (PAMP) ہے ۔ اس میں projects کا ہے Protected Management to Induct اس کا نام ہے PAMP اور donor Global Environment Facility GEF World Bank ہے ۔ اس کی duration 5 years ہے اور 2002-2007 تک اس کا tenure ہے ۔ اس کی total cost 648.55 million rupees ہے ۔ Basic objective یہ ہے جو میں پڑھوں گا تو شاید اس سے سمجھ نہ آئے۔ میں سیدھی سی بات کر دیتا ہوں کہ three major National Parks بن رہے ہیں اور اس کے لیے یہ projects ہیں۔ ایک مظفرآباد' آزاد جموں کشمیر میں مچھیارا نیشنل پارک ہے اور دوسرا Hangole National Park ہے جو بلوچستان میں آواران اور گوادر کا کچھ حصہ' یہ دوسرا ضلع اس کے border پر ہے۔ اس نیشنل پارک میں کچھ حصہ ایک ضلع کا آتا ہے۔

تیسرا major Park Chitral Gole National Park ہے ۔ یہ project ہے' اس کی donor Global Environment Facility World Bank ہے اور اس کی amount کافی ہے 648.55 million rupees یہ پارک بن رہے ہیں۔ ایک پارک بلوچستان میں ہے' جیسا کہ عموماً ان کا اعتراض ہوتا ہے کہ بلوچستان میں کچھ نہیں ہے۔ تین بن رہے ہیں' تین میں سے ایک بلوچستان میں ہے ۔ Sustainable Land Management Projects ہیں ۔ یہ ہے Sustainable Land Management to combat Desertification in Pakistan کے عام

زمین جو ریتیلے علاقے میں تبدیل ہو جائے یعنی desert میں تبدیل ہو رہی ہو۔ پانی نہ ہونے کی وجہ سے یا قحط ہو جائے تو اس کے لیے ایک project ہے' اس کو Global Environment Facility, GEF اس کو کہتے ہیں' وہ اس کا donor ہے اور implementation agency اور اس کی United Nations Development Program (UNDP)

executing/implementing agency Ministry of Environment in collaboration with the Provincial Government and other stake holders

ہے۔ اس کی total cost US $340.000 dollar to rupees.....

جناب چیئرمین، مختصر رکھیں' یہ ساری details ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، یہ major projects ہیں جن کی detail دی ہوئی ہے ورنہ تو اس میں پندرہ سولہ نام ہیں جن پر detailed working جاری ہے' یا agencies' یا stake holders تمام معلومات ہیں اور اس کی یہ صورتحال ہے۔

جناب چیئرمین، اس کو مختصر رکھیں کیونکہ question hour میں یہ چیزیں جو ہیں---

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جن پر ongoing work ہو رہا ہے جو اس کا tenure ہے' تمام چیزیں اس میں ہیں۔

جناب چیئرمین، ٹھیک ہے۔ ڈاکٹر ساجد' آپ کا سپلیمنٹری ہے؟

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، جناب! کاریز کے حوالے سے---

جناب چیئرمین، آپ کے question میں کہیں کاریز mention نہیں ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، کاریز کا مجھے تو نظر نہیں آیا۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، جناب! کاریز ہے اس میں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، کہاں ہے؟

جناب چیئرمین، میری عرض ہے کہ مہربانی کرکے سوال میں ایسے words لیا

کریں جو آپ چاہتے ہیں' اس میں اس کی ترجمانی ہو۔ ترجمانی صحیح ہو گی تو اسی طرح جواب بھی آئے گا۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، چیئرمین صاحب! جواب میں باقاعدہ منجگور لکھا ہوا ہے۔

جناب چیئرمین، کدھر ہے؟

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، آپ صفحہ نمبر چار پر جو stars ہیں ان کو دیکھیں from tail to head نیچے سے پانچواں۔

جناب چیئرمین، دس پندرہ میں سے ایک item ہے' آپ اس کی تفصیل مانگ رہے ہیں تو سوال ہی اس پر کر دیں۔ اس میں forestery, botanical gardens, research بھی ہے' کئی چیزیں ہیں۔ آپ بیس میں سے ایک کی تفصیل پوچھ رہے ہیں۔ میں وہ نہیں کہہ رہا' آپ بے شک سوال کریں لیکن اس کی wording ایسی رکھیں تاکہ جواب اس کی ترجمانی کرے۔ آپ دوسرا اس پر سوال دے دیں تاکہ اس کی تفصیلات دی جاسکیں۔

(مداخلت)

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، یہ جناب ! جو carryout ہو رہے ہیں اور جس کے stake holders, donors & executing agencies اس مقصد کے لئے' اس کی details میں بیان کر رہا تھا۔ بقیہ یہ وہ list ہے جس کے تحت Environment Ministry کے purview میں ہے اور اس کے Rules of Business میں یہ چیز ہے جس کے تحت انہوں نے یہ' یہ کام کرنا ہیں------

(مداخلت)

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، کاریزوں پر ابھی تک کوئی کام نہیں ہوا اور نہ اس کی لسٹ میں ہیں۔ ابھی میرا خیال ہے منسٹری اس طرف گئی نہیں۔

جناب چیئرمین، بنگزئی صاحب۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، چونکہ خان صاحب کے علم میں نہیں ہے اس لئے وہ کہتے ہیں----

جناب چیئرمین، نہیں، سوال کے حساب سے جواب تو ہے ایک item کے بارے میں اتنی زیادہ گہرائی کا علم تو نہیں ہوتا بیس سے زائد items ہیں۔ آپ کیا چاہتے ہیں؟ اس کی معلومات میں آپ کو لے کر دوں گا۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، میں کاریزوں کے بارے میں جاننا چاہتا ہوں کہ کتنے اور کہاں کہاں انہوں نے اس پر کام کیا ہے؟

جناب چیئرمین، کاریزوں کے بارے میں، انشاء اللہ میں آپ کو جواب دلواؤں گا۔ جی ڈاکٹر ساجد۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین، ڈاکٹر ساجد صاحب۔

Senator Dr. Muhammad Said: I think this is very important question.

اس لئے کہ there is growing apprehension کہ جتنا بھی aid میں پیسہ ہمیں ملتا ہے this is not being fairly spent and it is not honestly spent. اگر آپ ذرا دیکھیں جو question (d) ہے۔

The details of the project on which those grants were spent. There are no details of the projects, only the titles are given. For instance, I would like to know from the honourable Minister about the last proejct - Reduction of the Indoor Pollution and Conservation of Forests through promotion of LPG Enhanced Energy Efficiency and Resources Manangement of Galyat. I would like to know sir, as to what extent, LPG has been promoted in Galyat and as to what extent the conservation of forests has been carried out? Thank you.

Senator Muhammad Azam Khan Swati: Mr. Chairman, I

think it is very easy for the honourable Minister to answer it. All these grants are given in the name of Pakistan; have we developed any kind of oversight mechanism so far? They can oversee whether that money is being granted for .......

Mr. Chairman: Niazi Sahib, about LPG, environment and conservation plus oversight mechanism.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، یہ بہت لمبا چوڑا جواب ہے۔ پہلے میں اس کی کاپیاں بنواؤں۔ This is a huge thing. ساری چیزیں اس میں دی ہوئی ہیں جو بھی دیکھنا چاہے گا۔ یہ جو items دیئے گئے ہیں پہلے enumerated ہیں 1,2,3 اور اس کی details بھی دی ہوئی ہیں کہ کتنی رقم ہے؟ کیا ہے؟ کیا اور کہاں پر ہے؟ کاریز والا مسئلہ بھی اس کے اندر ہے۔ یہ میں فوٹو سٹیٹ کرا کر ان کو دے دیتا ہوں۔

جناب چیئرمین، اس کے بعد آپ ممبرز سے مل لیں۔ جی مندوخیل صاحب۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل، جناب والا! یہ جواب جو دیا گیا ہے یہ بڑا abstract ہے۔ یہ جو بھی انہوں نے plans or abstracts دیئے ہیں۔ میری عرض یہ ہے کہ concrete projects locality کے تعلق سے اس کی فہرست دی جائے اور کہاں کہاں ہیں' یہ بھی بتایا جائے۔

جناب چیئرمین، تمام پروجیکٹس کی آپ بات کررہے ہیں؟

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل، جی ہاں تمام۔

جناب چیئرمین، آپ کو دے دیں گے۔ ٹھیک ہے وہ دے دیں گے۔ رضا ربانی صاحب۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب! میری ایک تجویز ہے کہ نیازی صاحب کی بھی جان چھوٹ جائے گی اور میرے دوست آغا صاحب کی بھی' اور آپ کو بھی strictures ہم نہیں کہیں گے کہ pass کریں۔ آپ یہ ruling دے دیں کہ آئندہ جو briefs منسٹرز کے لئے سوالوں

کی بنتی ہیں ان کی فوٹو کاپیاں ہمارے ڈیسک پر رکھ دیں تو پھر منسٹر آئنے، نہ آئے we will go through that چونکہ ابھی بھی نیازی صاحب یہی کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین، نہیں refer کرنا، اور بھی کئی سوال ہوتے ہیں۔ جی نیازی صاحب۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، اس میں پوری detail ہے؛ تمام چیزیں ہیں، پالیسی ہے تمام جگہ کی ہے، جہاں جہاں خانیوال میں اِدھر اُدھر، جو بھی پوچھ رہے تھے، ان کے تمام پیسے ہیں، وہ سب چیزیں ہیں۔ میں چاہتا ہوں یہ booklets یہاں ہوں۔ انہیں بے خیالی میں پوچھنا پڑے گا۔

جناب چیئرمین، جی بابر صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، اس میں ایک لائن اسلام آباد کے بارے میں ہے، میں honourable Minister صاحب سے اسلام آباد کے بارے میں پوچھنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین، اس میں اسلام آباد کا کوئی ذکر نہیں ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، اس میں اسلام آباد کا ذکر ہے، اس میں ذکر نہ ہوتا تو میں بات ہی نہ کرتا۔

جناب چیئرمین، اس میں اسلام آباد کا ذکر کدھر ہے؟

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، یہ میں آپ کو پڑھ دیتا ہوں۔

Establishment of Botanical Garden in Islamabad. It is on entry No. 7 from the bottom.

Mr. Chairman: O.K.

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، اسلام آباد میں کئی ملین درخت کاٹے جا چکے ہیں، یہ botanical garden کدھر بن رہا ہے؟ Tell me the location please. آپ نے اسلام آباد کی تباہی چڑھا دی ہے، آپ کے دور میں کئی کروڑ درخت کاٹے گئے اور پتا نہیں کون کاٹ کر لے گیا۔ اس کے لئے کوئی ٹھیکہ نہیں، اخبار میں اشتہار نہیں آتا، آپ درخت کاٹتے ہیں اور پھر آپ سڑکیں توڑ دیتے ہیں، سڑکیں بناتے نہیں ہیں۔ پورا شہر pollution کا شکار ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، جناب والا! آپ کو اچھی طرح پتا ہے کہ CDA کاٹ رہی ہے۔ میں بتا سکتا ہوں کہ مجھے بھی الرجی ہو گئی ہے۔ ان کو احساس ہونا چاہیے کہ severe

یہ مجھے allergy because of this pollen. ہو گئی ہے۔ اب میں یہاں کہاں سے یہ ٹیکہ لگواؤں۔

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، بے شمار ہیں جن کو نہیں بھی ہوتی' آپ کی طرح کے شاید وہ نازک مزاج نہیں ہیں' سارے تو اتنے نازک مزاج نہیں ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، وہ درخت they must be cut of ابھی انہوں نے کئی نہیں کاٹے-----

سینیٹر ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان، جناب! ان کو کہیں سنجیدگی سے جواب دیں' یہ ماحولیات کی بات کرتے ہیں' ہمارے ساتھ مخولیات نہ کریں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی، الرجی اتنی زیادہ ہے کہ-------

(مداخلت)

جناب چیئرمین، یہ botanical garden کے بارے میں آپ کو بتا دیں گے۔ جی قاضی صاحب فرمائیے۔

سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) جاوید اشرف، ایک سوال کیا گیا تھا کہ تین جو promote ہوئے ہیں ان کا domicile کہاں کا ہے؟ So, I got the exact information now. میں نے کہا تھا کہ مجھے exact پتا نہیں ہے۔ جناب! ایک اربن سندھ کا ہے' ایک پنجاب کا ہے اور ایک بلوچستان کا ہے۔

جناب چیئرمین، نام بتا دیں۔

سینیٹر لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) جاوید اشرف، جناب! یہ جو ڈاکٹر فیاض ہے یہ اربن سندھ کا ہے' عارف مجید پنجاب کا ہے اور ثاقب علی بلوچستان کا ہے۔

جناب چیئرمین، شکریہ۔ جی بلیدی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، پچھلے سال انہوں نے بلوچستان سے بنائے ہیں' ان کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ ان کو پتا نہیں ہے۔

جناب چیئرمین، بہرحال جو ریکارڈ پر ہیں وہ انہوں نے بتا دیئے ہیں۔

Now we will go on to the next question No. 48. Mrs. Gulshan Saeed.

48. ***Mrs. Gulshan Saeed:** (Notice received on 22-02-2007 at 13.20 p.m.)

*Will the Minister for Labour, Manpower and Overseas Pakistanis be pleased to state:*

*(a) the number of persons sent abroad for employment since January, 2006; and*

*(b) the procedure adopted for selection of the said persons?*

**Mr. Ghulam Sarwar Khan:** (a) 222374 persons have been Sent abroad for employment during the period from January, 2006 to February, 2007.

(b) Manpower demand from abroad is either procured by Overseas Employment Corporation (OEC) or by the private sector Overseas Employment Promoters (OEPs). The inidividuals also obtain employment visas through their own sources. The procedure for selection is as under:—

**OEC**

a. All the requirements received from foreign employers are advertised in the Press as per job description given by the employer.

b. The Foreign clients are informed about the number of applications received in response to advertisement.

c. On receipt of interview schedule from the employers candidates are called for interviews/tests to be conducted by foreign delegation. .

d. The selection of the workers for employment abroad is carried out by the foreign employer themselves, who have sole discretion to select the workers of their own choice from any part of the country.

جناب! اس کے بعد نہ صرف ہم اس کو condemn کرتے ہیں اس کے بعد بھی جو یہ کبھی "اے آر وائی" کو بند کر دیا جاتا ہے کبھی "آج" کو، اس کو بھی strongly condemn کرتے ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ جس طرح کہ میری ساتھی نے یہاں کہا media has a role. Media should be unbiased. They should show the reality and let the people to decide. جب وہ talk show کرتے ہیں جس طرح انہوں نے کہا It should not be towards one side or the other side whether it be the Government or the Opposition.

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، پلیز۔ پلیز، ان کو بات کرنے دیں۔ پلیز---------

(مداخلت)

سینیٹر کامل علی آغا، یہ behaviour ہے ان کا، ہم پچھلے ڈیڑھ گھنٹے سے سن رہے ہیں۔ یہ طریقہ کار ہے ان کا۔ ایک بات کرکے ڈیسک بجاتے ہیں۔ دوسری بات کرکے اس طرح

کرتے ہیں۔ یہ کیا بات کر رہے ہیں---------

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، ٹھیک ہے بیٹھ جائیے۔ پلیز بیٹھ جائیے۔ آپ بیٹھیں۔

سینیٹر کامل علی آغا، یہ ہمارا latitude ہے کہ ہم ان کو سن رہے ہیں۔ یہ کیا بات کر رہے ہیں؟ آپ ان کو Chair سے کنٹرول کریں۔ یہ کوئی طریقہ نہیں ہے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، آپ بیٹھ جائیں جی۔ چلنے دیں۔ چلنے دیں۔

سینیٹر کامل علی آغا، یہ کوئی طریقہ نہیں ہے۔ ان کی گفتگو کا بھی کوئی طریقہ نہیں ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، کامل آغا صاحب تشریف رکھیں۔ جی امجد عباس صاحب شروع کریں۔

سینیٹر محمد امجد عباس، محترم چیئرمین! جس طرح میں کہہ رہا تھا یہ پی ٹی وی کو وزیراعظم نامہ کہا جاتا تھا اپوزیشن والے کہتے تھے کہ ہم جانتے ہیں یہ نہیں جانتے۔ یہ freedom of speech and freedom of press اس حکومت کو ہی کریڈٹ جاتا ہے اور یہ جو کہہ رہے ہیں کہ ہم کیوں نہیں آتے تو یہ ابھی آپ کو پتا چل گیا کہ ان کا رویہ کیا ہوتا ہے۔ اس لئے ہم نہیں آتے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، شکریہ' یہ طریقہ ہوتا ہے تین منٹ میں ختم کرنے کا۔ اگر آپ چاہتے ہیں تو اپنے آپ کو وقت کا پابند کرلیں ورنہ اس طرح تو رات کے بارہ بجے تک ختم نہیں ہو سکے گا۔ آپ کو خود realize کرنا چاہیے ۔ مولانا گل نصیب خان۔

سینیٹر مولانا گل نصیب خان، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں شکرگزار ہوں۔ اس وقت ملک ایک انتہائی نازک صورتحال سے گزر رہا ہے اور ملک عملاً حالت جنگ میں ہے۔

جناب والا! یہی طریقہ کار ہوتا ہے کہ تمام مسائل کو پارلیمنٹ اور اداروں کے ذریعے سے

زیر بحث لاکر اس کے لئے کوئی قابل عمل صورتحال نکالی جا سکتی ہے۔ اس ملک کے تمام مقدس ادارے فوج ہو، عدلیہ ہو، پارلیمنٹ ہو، صحافت ہو، اس کی آزادی، حدود، حدود کار کا تعین اور اس کا احترام یہ پورے قوم پر واجب اور ضروری ہے۔

یہ بھی ایک تاریخی حقیقت ہے کہ اگر مطالعہ پاکستان کو دیکھا جائے تو ہمیشہ کے لیے ہم نے مارشل لاء سے جمہوریت اور جمہوریت سے مارشل لاء کی طرف سفر کیا ہے۔ آج اگر ہم اپنی آنے والی نسل کو مطالعہ پاکستان دیتے ہیں کہ آپ اس کا مطالعہ کریں تو ظاہر ہے کہ ہماری تاریخ اور ماضی اس قسم کے واقعات سے بھرے پڑے ہے۔ آج موقع ہے کہ ہم پوری دیانتداری کے ساتھ ملک کو جمہوری روایات کے راستے پر اور ملک کا جو نظریہ اسلام ہے اسی کو بنیاد بنا کر ایک ایسے سفر کا آغاز کریں جو کہ آگے چل کر اس ملک و قوم کی کامیابی کی ضمانت دے سکے۔

محترم جناب چیئرمین ! پاکستانی فوج اور اس کے ادارے پرہمیں فخر ہے، ملک کی سرحدات کا تحفظ اس کی ذمہ داری ہے، لیکن مسلسل ملک کے سسٹم میں مداخلت کی وجہ سے آپ اس پورے دورانیہ پر نظر دوڑائیں تو اب تک تو شخصیات سے نفرت تھی، لیکن درگئی کے واقعہ نے اور قاریہ میں خودکش حملہ آوروں نے یہ message دیا کہ پورے ادارے سے نفرت پھیلائی جا رہی ہے۔ اسی طریقے سے عدلیہ جو ہمارے ملک میں عدل و انصاف کی نشانی ہے اور بغیر عدل و انصاف کے یہ ملک نہیں چل سکتا۔ اس وقت جب ہم آخری مارشل لاء سے سفر شروع کریں، اور تین چار سال سے ہم یہ جدوجہد کرتے چلے آ رہے ہیں کہ ہم ایک جمہوری نظام کو develop کریں، جمہوری رویوں کو develop کریں تو ایک بار پھر یہاں یہ اندازے لگائے جا رہے ہیں کہ ہم دوبار ایمرجنسی، مارشل لاء، اور ایک ایسی طرف سفر شروع کیے ہوئے ہیں کہ جس کا مستقبل تاریک نظر آ رہا ہے اور ایسے حالات پیدا کیے جا رہے ہیں کہ جس سے ملک میں ایمرجنسی کے حالات پیدا ہو سکیں۔

جناب چیئرمین ! آپ ہی اس بات پر غور کریں کہ پنجاب میں ایک وزیر کی قربانی دی گئی اور اسے شہید کیا گیا۔ اسی طریقے سے کئی لوگوں کو کہ جن کی آپ رپورٹ طلب کریں اور دیکھیں کہ بیگناہ لوگوں کو شہید کیا گیا۔ چارسدہ کے مقام پر وزیر داخلہ کے جلسے میں ایسے قسم کے حالات پیدا کرنا، جو پوری ملک کے داخلی حالات کا ضامن ہو، اس کو بھی ایسے حالات سے دوچار

کیا گیا، یہ یقیناً ایمرجنسی پیدا کرنے کے لیے خود ساختہ واقعات ہیں جو کہ ملک کے لئے کبھی نیک شگون نہیں ہوسکتے۔

اسی طریقے سے وکلاء کی پُرامن جدوجہد کو حالات جنگ میں تبدیل کرنا اور پورے ملک میں ایسے حالات پیدا کرنا، ان کے خلاف ریاستی تشدد و جبر کو استعمال کرنا، میرے خیال میں یہ جمہوریت کے لیے کبھی کارآمد اور ملک کی تعمیر و ترقی کے لیے نیک شگون نہیں ہو سکتا۔

جناب چیئرمین! اسی طریقے سے print اور electronic media پر پابندیاں، ان کو ہراساں کرنا اور قوم تک صحیح خبریں پہنچانے کی سزا دینا، میرے خیال میں یہ بھی ہمارے مستقبل کے لئے نیک شگون نہیں ہو سکتا۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر،** مناسب۔ ٹائم کا خیال رکھیں۔

**سینیٹر مولانا گل نصیب خان،** میری درخواست یہ ہے اور گزارش ہے کہ آج ایوان اس بات پر سوچے کہ ہم مارشل لاء کی طرف سفر نہ کریں، ہم جمہوریت کی طرف سفر کریں اور وقت آ گیا ہے کہ اس وقت انتخابات کی مکمل تیاری کا اعلان کیا جا سکے اور Election Commissioner حزب اختلاف اور حزب اقتدار کی باہمی مشاورت سے تمام معاملات کو طے کیا جائے۔ اب اگر 12 تاریخ کو یہ جلسہ کیا جا رہا ہے کہ قوم ہمارے ساتھ ہے تو اس جلسے کی بجائے انتخابات کا اعلان کیا جائے اور یہ ثابت کریں کہ قوم ہمارے ساتھ ہے اور ہم الیکشن سے جیت سکتے ہیں۔ صدر بھی الیکشن سے بن سکتے ہیں اور حکومت بھی الیکشن سے بن سکتی ہے۔ اس کے لیے اگر اپوزیشن جلسے کرتی ہے تو وہ حکومت کو اپنی طاقت کا مظاہرہ کرتی ہے لیکن حکمران مظاہرے کر کے کس کو اپنا طاقت جتلاتے ہیں۔ یہ مناسب نہیں ہے۔ میں آخر میں یہی گزارش کروں گا کہ جمہوریت کی طرف ہمارا سفر ہمارے لیے کارآمد ہو گا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

**جناب پریذائیڈنگ آفیسر،** کامران مرتضیٰ صاحب۔ ٹائم کا خیال کرنا۔

**سینیٹر کامران مرتضیٰ،** جناب! میں اور آپ اس ملک میں رہتے ہیں جہاں کے Chief Justice کو انصاف کے لیے petition file کرنی پڑتی ہے اور Army Chief کو وکلاء

سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ آپ سیاست نہ کریں۔ میں یہ کہوں گا

نثار میں تیری گلیوں پہ اے وطن کہ جہاں

چلی ہے رسم کہ کوئی نہ سر اٹھا کے چلے

جناب چیئرمین! 9 مارچ 2007 دوپہر سے کچھ قبل دو قافلے Camp Office کی طرف گئے تھے۔ میں یہ پوری ذمہ داری سے بات کہہ رہا ہوں اور اسلام آباد کے شہری بھی یہ بات جانتے ہیں کہ پہلا گاڑیوں کا قافلہ جو Camp Office کی طرف گیا وہ وزیر اعظم کا تھا اور اس کے immediately بعد جو دوسرا گاڑیوں کا قافلہ تھا وہ Chief Justice کا تھا۔ یہ کہا گیا ہے بہت بڑے office کی طرف سے، بہت بڑے شخص کی طرف سے کہ Chief Justice نے خود مجھے request کی تھی کہ وہ مجھے ملنا چاہتے ہیں، اگر ایسی بات ہوتی تو پہلا قافلہ وزیراعظم کا نہ ہوتا اور دوسرا قافلہ Chief Justice کا نہ ہوتا۔ جناب! جب یہ دونوں قافلے آگے پیچھے Camp Office میں پہنچ جاتے ہیں تو اس کے بعد کیا ہوتا ہے۔ Chief Justice کو for complete 5 hours restrain کیا جاتا ہے، یہ جمعہ کا دن ہے، وہ شخص جس کو میں کم از کم 30 سال سے جانتا ہوں، اس کو نماز کے لیے نہیں جانے دیا گیا۔ باقی لوگ تو مجھے پتا نہیں نماز پڑھتے ہیں یا نہیں پڑھتے ہیں، بہرحال باقی لوگ تو نماز پڑھنے چلے گئے اور ان کو تین صفحے کا reference دے دیا گیا اور ان کو کہا گیا کہ آپ اس کو پڑھیے۔ پڑھیے اس لیے کہ اس سے پہلے وہ شخص resign کرنے سے انکار کر چکا تھا۔ جب اس کو پانچ گھنٹے تک وہاں کے army کے Camp Office میں restrain کیا گیا اور اس کے ساتھ جو تصویر جاری کی گئی اس میں ایک شخص جو کہ وردی میں بیٹھا تھا اور دوسرا شخص جو کہ اپنے لباس میں بیٹھا تھا وہ تصویر media کو جاری کی گئی، یہ قوم کے لیے ایک message تھا۔

جناب چیئرمین! یہ بات آپ بھی جانتے ہیں، اور یہ بات میں بھی جانتا ہوں، اور یہ بات پورا ہاؤس جانتا ہے کہ اس سے پہلے کہ Chief Justice وہاں سے اٹھے، اس سے پہلے Acting Chief Justice کا oath ایک دوسرے آدمی کو دے دیا گیا تھا، ایک دوسرے sitting Judge کو باوجود اس کے کہ وہ شخص جو Chief Justice کے منصب پر فائز تھا وہ ملک سے باہر بھی نہیں تھا، وہ ذہنی طور پر اور جسمانی طور بھی اس قابل تھا کہ وہ اپنے فرائض انجام دے سکتا مگر اس

کے باوجود ایک دیگرشخص کو، ایک دوسرے Judge کو Acting Chief Justice کا حلف بھی دے دیا گیا تھا اور پاکستان کے Chief Justice کو معطل بھی کر دیا گیا تھا۔ یہ پہلی statement تھی کہ اس شخص کو، اس Chief Justice کو معطل کیوں کیا گیا۔ اس کے بعد گو کہ تین دفعہ statements بدلی ہوئی ہیں اس معطل کو پھر restrain کیا گیا، ineffective کی گیا اور ultimately کہا گیا کہ جی اس کو forced leave پر بھیج دیا ہے اور وہ شخص آج تک یعنی 62 days ہو گئے ہیں وہ forced leave پر ہے۔

جناب چیئرمین ! اس واقعے کے خلاف پاکستان کے صرف وکلاء نے ہی نہیں پاکستان کے عوام نے بھی، پاکستان کی تمام سیاسی جماعتوں نے بھی، ماسوائے دو تین جماعتیں جو کہ اقتدار میں ہیں، سب نے بہت برا منایا اور agitation شروع ہو گیا۔ اس کے بعد اس agitation کو دکھانے میں، اس agitation کو دوسرے لوگوں تک پہنچانے میں میڈیا کا ایک اہم کردار تھا۔ اس اہم کردار کو روکنے کے لیے ایک بہت بڑے office کی طرف سے پھر یہ حکم دیا گیا۔ جناب یہ 16 مارچ کا واقعہ ہے جبکہ اس چیف جسٹس کیس کی date of hearing تھی اس واقعے کو جو کچھ یہاں اسلام آباد میں ہو رہا تھا، اس واقعے کو دکھایا جا رہا تھا اس office کی طرف سے یہ کہا گیا کہ اس کو ایک سبق دو تاکہ یہ message دوسروں تک چلا جائے۔ پھر آپ نے گھڑی دیکھی ہے جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، آپ کے پانچ منٹ پورے ہو گئے ہیں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ : میں کوئی بات irrelevant نہیں کر رہا۔ دوسرا message چیف جسٹس کے بعد پاکستان کے میڈیا کو دیا گیا ۔ ایک pillar judiciary کا تھا دوسرا pillar آپ کے پاس media کا تھا۔ دوسرا "GEO" message کو دیا گیا۔ جناب نے بھی دیکھا میں نے بھی دیکھا کہ "GEO" کے ساتھ کیا سلوک ہوا، اس کے دفتر کے ساتھ کیا سلوک ہوا، اس میں اندر بیٹھے ہوئے لوگوں کے ساتھ کیا سلوک ہوا۔ صرف اسی پر بس نہیں کیا گیا جناب چیئرمین، پہلا message media کے لیے 16 مارچ کا تھا اس کے بعد "ARY" کو دوسری طرح message دیا گیا، پھر اس کے بعد تیسرا message "آج" ٹی وی کو دیا گیا۔ یہ messages

آج تک چل رہے ہیں اور یہ message ultimately 12 May کی ریلی پر آ گیا۔ جب چیف جسٹس 23 مارچ کے پروگرام کے سلسلے میں کراچی جانا چاہ رہے تھے تو وہاں counter ریلی کا اعلان کر دیا گیا، وہی روٹ رکھا گیا اور اسی طرح تا کہ encounter ہو سکے۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر، شکریہ آپ کا۔

سینیٹر کامران مرتضٰی، کیوں کس بات کا شکریہ؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، آپ تو گھڑی کو بھی تک رہے ہیں پھر آپ ایسی بات کر رہے ہیں۔

سینیٹر کامران مرتضٰی، میں تو آپ کو دیکھ رہا ہوں جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، آپ نے اپنا point بہت اچھی طرح explain کر دیا ہے۔ .We all understand میرا خیال ہے چھ منٹ آپ کو ہو گئے ہیں۔

سینیٹر کامران مرتضٰی، میں mover ہوں Sir ' ایک بات اس میں یہ ہوئی ہے کہ جس طرح motions آتی ہیں اس ترتیب سے movers کو موقع ملنا چاہیے تھا شاید۔ میرا خیال ہے ان motions میں میری motion -----

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، میرا خیال ہے کہ میں پانچ منٹ، چھ منٹ، سات منٹ جس طرح پوزیشن ہے آپ کو ٹائم مل رہا ہے۔ آپ اس میں بول لیں۔ باقی چیزوں کی repetition ہو رہی ہے۔ آپ دیکھ ہی رہے ہیں۔

سینیٹر کامران مرتضٰی، جناب کسی بات کو بھی repeat نہیں کیا۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر، آپ اس کو ختم کر لیں .please

سینیٹر کامران مرتضٰی، آپ بیچ میں اتنی بات نہ کرتے تو شاید میں ابھی تک اپنی بات ختم کر چکا ہوتا۔ جناب جو احتجاج ہو رہا ہے میرا اور دوسرے لوگوں کا ممکن ہے جو President کے اس قدم کو support کر رہے ہیں ان کا جمہوری حق تھا۔ جو کچھ کیا جا رہا تھا،جو کچھ ہو رہا تھا اس کو روکنے کے لیے دو حربے استعمال کیے گئے وکلاء سے متعلق۔ ایک جناب لالچ کا اور دوسرا مار پیٹ کا۔ لالچ میں بہت سے لوگوں کو اتنی فیسیں دی گئی ہیں، اتنی بڑی بڑی

فیسیں دی گئی ہیں' اس طرح سے compensate کیا گیا ہے۔ انشاء اللہ اس ایوان کے ریکارڈ پر وہ بات بھی آ جائے گی۔ مگر دوسرا جو طریقہ استعمال کیا گیا وہ threat کرنے کا' بعض لوگوں کو زبانی threat کیا گیا اور بعض کے ساتھ وہ سلوک کیا گیا جو ہمارے اس سینئر ساتھی کے ساتھ کیا گیا جو پندرہ سال سے پاکستان بار کونسل کا ممبر ہے' اور ایک سینئر وکیل ہے' اور اس کے پندرہ سولہ ٹانکے بھی لگے ہیں۔ یہ سلوک صرف لاہور میں نہیں ہوا بلکہ یہ پورے پاکستان میں ہوا۔ کوئٹہ میں جہاں میں رہتا ہوں وہاں کم از کم چھ وکلاء کو اسی طرح سے زخمی کیا گیا۔

جناب اس کے ساتھ ایک اور کام جو Government کی طرف شروع ہوا ہے۔ اب بنچ constitute ہوگیا ساتھ ہمیں ایک press release کی کاپی بھی جناب کے office کی طرف سے provide کر دی گئی کہ یہ سپریم کورٹ کی طرف سے order آ گیا ہے کہ بات اس طرح کی کریں گے اور اس طرح کی بات نہیں کریں گے۔ میں یہ عرض کردوں کہ اب بنچ کی طرف سے first hearing بھی نہیں ہوئی اور اس notification پر یا اس press release پر جو ہمیں copy provide کی گئی ہے اس پر Supreme Court of Pakistan لکھ دیا گیا ہے کہ unless بنچ کی پہلی hearing ہوتی اس وقت تک ایسا order کوئی restrain کرنے کا order پاس ہی نہیں کیا جا سکتا تھا۔ آج تک وہ bench convene ہی نہیں ہوا اور وہ آرڈر پتا نہیں کہاں سے آ گیا؟ اگر رجسٹرار کی طرف سے آیا ہے تو اسے اس کا اختیار نہیں تھا۔ اگر چیف جسٹس سے آیا ہے تو وہ executive type ہیں' وہ اسطرح کے آرڈر پاس نہیں کر سکتے۔ آئندہ آرڈر یقیناً پاس ہو سکتا ہے مگر اسی بینچ کی طرف سے۔ فل بینچ کی طرف سے' مگر ابھی فل کورٹ کا پہلا دن تو آتا جس میں وہ یہ کہتی کہ جناب! اس طرح کی رپورٹنگ ہو گی' اس طرح کی رپورٹنگ نہیں ہو گی' یہ کام ہو گا' یہ کام نہیں ہو گا۔ جناب! conclude کرنے سے پہلے' مجھے پتا ہے کہ آپ تیسری' چوتھی دفعہ گھڑی دیکھ رہے ہیں۔ ایسے judges جو اس بینچ کے رکن ہیں' یہ بات پوری ذمہ داری سے کہہ رہا ہوں' ان کی نجی زندگی میں جھانکنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ان کی نجی زندگی کے بارے میں رپورٹیں مرتب کر رہے ہیں کہ کون جج کیا کرتا ہے تاکہ ان ججوں کو بلیک میل کیا جا سکے۔ اس کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ مہربانی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، جناب اگر آپ اسی طرح cooperation کریں تو یہ سارے لوگ ہو جائیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، میں پھر adjourn کر دوں گا تو آپ شور کریں گے کہ کیوں کر رہے ہیں۔ اس لیے بولیں، سب بولیں، ٹائم لے کر بولیں، کوئی پریشانی نہیں، cover up ہو جائے گا۔ جناب رحمت اللہ کاکڑ صاحب۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، جناب آپ ٹائم کی قدغن لگائیں گے۔ میرا آپ سے وعدہ ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، دیکھیں، یہ بات سب نے طے کر لی ہے understand کر لی ہے کہ ہم اتنا ٹائم لیں گے۔ اگر آپ پندرہ پندرہ منٹ لینا چاہتے ہیں تو this is not fair.

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، پانچ منٹ آپ لیں گے، پانچ منٹ آپ کھل کر بولیں، چھٹے منٹ پر میں آپ کو روکوں گا۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، Mr. Presiding Officer, میں وزیر داخلہ صاحب پر حملے کی مذمت اور مقتولین چارسدہ کی مغفرت کی دعا کے ساتھ شروع کروں گا، جناب کے نوٹس میں آ گیا جو ملک میں لاقانونیت کا ایک سلسلہ چلایا گیا ہے۔ انشاء اللہ، میری repetition کی کوشش نہیں ہو گی۔ میں یہ بھی نہیں کہتا کہ منیر اے ملک صاحب کی رہائش گاہ پر رات کو فائرنگ کیوں ہوئی ہے اور کرنے والے کون ہیں۔ اس کا آپ کو بھی پتا ہے، آپ کا تعلق بھی وہیں سے ہے۔ میں یہ بھی نہیں کہوں گا کہ emergency کا جو نفاذ ہو گا اس میں لوگوں کے بنیادی حقوق سلب ہوں گے یا عدالتی اختیارات پر جو قدغن لگائی جائے گی، اس سے قانون، آئین کی خلاف ورزی ہو گی۔ مجھے ہمدردی ہے اپنے بھائی کھوسہ صاحب سے۔ میں کامران کی طرح اس کے پندرہ ٹانکے نہیں گنوں گا۔ مار پڑی، لاہور میں پڑی۔ قانون کی وجہ سے پڑی اور uniform والے لوگوں کی وجہ سے پڑی۔ جناب عالی! چار اور پانچ مئی کی رات کو ساہیوال میں پولیس، یہ پہلا

واقعہ ہے کہ پبلک پر بم پھینکتی ہے۔ کتنے افسوس کی بات ہے۔ ہوتا تو یہ تھا کہ موت جب حرکت میں آتی ہے تو اس طرح کی ان میں کوئی حرکت ہوتی ہے، لیکن uniform forces کی طرف سے ایسا ہوا۔ میں یہ بھی نہیں کہوں گا کہ کالے کوٹ کیوں نایاب ہوئے؟ کیسے خریدے گئے؟ کس کو پہنائے گئے؟ اور ان کا کیا حشر ہوا؟ جناب عالی! مجھے اپنے پرائیویٹ ٹی وی چینلز کا بار بار نام لینے کی ضرورت نہیں ہے، یہ جانتے ہیں، ان سے ہمدردی ہے۔ یونیفارم پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں وہاں گھس کر جو توڑ پھوڑ کی، اتفاق سے ہم بھی اس دن وہاں موجود تھے اور پھر صدر محترم کو خود معافی مانگنی پڑی ہے۔ "اے آر وائی" والوں کا جو حشر کیا گیا، میرے اور آپ کے شہر کراچی میں، ان کے کیمروں کا جو حشر ہوا، آپ کے سامنے ہے۔ کون کرا رہا ہے؟ آپ جانتے ہیں، میں جانتا ہوں، سب جانتے ہیں۔ یہ چیخ رہے ہیں کہ پریس ریلیز کے نام سے کوئی چیز تقسیم ہو رہی ہے۔ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ seal اور signature کے بغیر اس کی افادیت کیا ہے۔ کون کروا رہا ہے؟ اور اس سے کیا چاہ رہا ہے؟ اور پھر پی ٹی وی کو، جو state owned ایک ادارہ ہے، اس کو اپنا ادارہ سمجھ کر، شخصی طور پر، اس کے ذریعے اس کو project کرایا جا رہا ہے۔ روشنیوں کے شہر میں بارہ تاریخ خدا خیر سے گزارے۔ عوام بمقابلہ عوام۔ Route same, threat دی گئی ہے چیف جسٹس صاحب کراچی نہ آئیں اور اس دن جو parallel rally کی training کرائی جا رہی ہے اور صدر محترم کو misguide اور misinform دونوں کئے جا رہے ہیں۔ یہ سب کچھ ٹھیک نہیں ہے۔ آپ بہتر جانتے ہیں۔ Mr. Presiding Officer نیشنل سیکورٹی کونسل نام کی ایک چیز بنی تھی اب پتا نہیں وہ لوگ کہاں چھپ گئے ہیں۔ اسلام آباد یا لاہور کے ہاسپٹل میں مریضوں کو VIP's کی وجہ سے داخل ہونے کی جگہ نہیں مل رہی ہے۔ اتنی بیماریاں پھیل گئی ہیں۔ پارلیمنٹ کی supremacy آئین کی بالادستی independent judiciary میں اس کی بات بھی نہیں کروں گا۔ یہ تو اب ایک خواب و خیال کی باتیں ہیں۔ Freedom of expression جو کریں گے ان کا حشر سامنے آئے گا۔ لہٰذا اس سے بھی پرہیز کی ضرورت ہے۔ Democratic, free and fair environment جو ہے وہ ہنوز دلی دور است۔ Free and fair elections کے لئے جو independent Election Commission کا ایک سپنا دکھایا گیا تھا بظاہر مستقبل قریب میں اس کے آثار نظر نہیں آتے۔ میرے بھائی کرنل مشہدی صاحب نے ہمارے سندھ کی

حکومت کی بڑی تعریف کی ہے میں بھی تعریف کرتا ہوں۔ نشتر پارک سے جب ۶۵ جنازے اٹھے not a single has been nominated, arrested or investigated. میں مفتی نظام الدین شامزئی کی بھی بات نہیں کروں گا اور میں مفتی جمیل صاحب کی بھی بات نہیں کروں گا اللہ ان کی مغفرت فرمائے۔ اور کتنے لوگوں کی لاشیں مل رہی ہیں، میں اس پر بھی روشنی نہیں ڈالوں گا۔ آپ بہتر جانتے ہیں رضا ربانی صاحب کو گلہ ہے کہ میرا شہر، آپ کا شہر، سومرو صاحب کا شہر، یہ ہم سب کا شہر ہے، یہ ہم سب کا ملک ہے۔ خدارا ان کو بتا دیجئے کہ یہ کھیل نہ کھیلیے۔ یہ سولہ کروڑ عوام کا ملک ہے۔ ملک ہے تو ہم ہیں ورنہ یہ چوہدراہٹ سب ختم ہو جائے گی۔

Mr. Presiding Officer: Very well said, thank you.

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، جناب! آخری بات تو کرنے دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، کیجیئے۔

سینیٹر رحمت اللہ کاکڑ ایڈوکیٹ، Behind the wall وہ لوگ کل ہوں گے جو آج گردنیں لوگوں کی کٹوا رہے ہیں۔ وما علینا الا البلاغ۔

Mr. Presiding Officer: Thank you. Thank you. Senator Saadia Abbasi.

Senator Saadia Abbasi: I would not like to repeat what has been said. I would just like to pay tributes to the legal community, to the legal fraternity of Pakistan and to the print and electronic media for the way in which they are making this struggle against the military dictatorship in Pakistan and Inshallah it is my firm belief that the victory is going to be ours. Thank you Mr. Chairman.

Mr. Presiding Officer: Excellent. Thank you very much. Twice I thank you.

صفدر عباسی صاحب، اچھا ٹھیک ہے۔ اسماعیل بلیدی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، یہ بہت اہم مسئلہ ہے اور موجودہ وقت میں ملک میں جو بحران ہے اس کو کس طرح حل کیا جائے تو اس کے لئے میں سمجھتا ہوں کہ حکومت اور اپوزیشن کو مل کر، بیٹھ کر اس پر سوچنا چاہیئے کہ یہ حالات کس طرح پیدا ہوئے اور اس کا حل کیا ہے۔ اس کو طول دینا یا ایک دوسرے کے ساتھ مقابلہ کرنا میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو message پوری دنیا کو چلا گیا ہے پاکستان کا image اتنا متاثر ہوا ہے کہ ہم اس کی تلافی کبھی نہیں کر سکتے۔ جو موجودہ حالات ہیں، مشرف صاحب کو جنہوں نے شروع میں مشورہ دیا تھا اس کی کوئی ضرورت نہیں تھی کہ judiciary کے ساتھ یہ مسئلہ پیدا کیا جائے، لیکن جن لوگوں نے مشورہ دیا۔ میرا خیال ہے ابھی بھی وقت ہے کہ مشرف صاحب اس ریفرنس کو واپس لے کر چیف جسٹس افتخار کو فوری طور پر بحال کریں ورنہ جتنی دیر یہ مسئلہ چلا جائے گا یہ قابو سے باہر ہو کر رہ جائے گا۔

جناب! آپ کو پتا ہے کہ موجودہ حالات میں ملک کی کیا صورتحال ہے ۔ دنیا میں خودکش حملے ہوتے ہیں لیکن پاکستان میں جس تیزی سے خودکش حملے ہوتے ہیں اس کی وجوہات کیا ہیں؟ اس کی reasons کیا ہیں؟ کس لئے یہ حملے ہوتے ہیں؟ کیا ایک بندہ اپنے آپ کو مارنے کے لئے، اگر آپ پوری دنیا اس کو دیں پورا پاکستان دیں، ارب، کھرب روپے دیں لیکن وہ اس پر تیار نہیں ہو گا کہ میں جا کر اپنی جان کی قربانی پیش کروں۔ جن حالات میں وہ کر رہے ہیں ان کی وجوہات پر ہم غور نہیں کر رہے ہیں کہ اس کی وجوہات کیا ہیں، یہ اپوزیشن اور حکومت کو بیٹھ کر اس پرغور کرنا چاہیے کہ اس کا حل کیا ہے، اس کا solution کیا ہے کہ ہم ان کو کیوں یہ موقع دیتے ہیں، وہ جا کر اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے کے لیے تیار ہوتا ہے تو اس کی وجوہات پر آج تک ہم غور نہیں کر رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس پر الگ ایک debate ہونی چاہیے کہ کس طرح یہ معاملات پیش آتے ہیں۔ جناب چیئرمین! ۱۲ تاریخ کو انہوں نے جو اعلان کیا ہے کہ کراچی میں مد مقابل دو ریلیاں نکالی جا رہی ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت خطرناک بات ہے۔ پہلے تو اپوزیشن نے ۱۲ تاریخ کا اعلان کیا تھا تو دوسری پارٹی کو ۱۳ تاریخ کی date دینی چاہیے یہ آپس میں competition کا مقابلہ نہیں ہونا چاہیے اور میرے ساتھ جو colleagues

بیٹھے ہیں ہمارے کھوسو صاحب ان کے ساتھ بھی زیادتی ہوئی اور 12/15 ٹانکے لگائے گئے۔ اگر اس ملک میں ایک ممبر آف پارلیمنٹ اور بارکونسل کا ۱۵ سال تک یہ متواتر ممبر بھی چلے آ رہے ہیں۔ پولیس نے جاتے ہوئے ایک ممبر آف دی پارلیمنٹ کے ساتھ جو سلوک کیا جناب! جب اس ملک میں یہ حالت ہو گی تو کسی کی جان و مال کا تحفظ نہیں ہوگا تو کس طرح اس ملک میں کہیں گے کہ یہ پرامن ملک ہے۔ تو اس لیے اگر ہم اپنے فیصلے خود کریں' باہر سے کوئی dictation نہ لیں تو یہ حالات پیدا نہیں ہوں گے' لیکن ہم اپنا کوئی فیصلہ کرنے کے مالک نہیں ہیں' ہمیں dictation باہر سے ملتی ہے۔ اس dictation کی وجہ سے وہ ہمیں کہتے ہیں کہ یہ کام کرو تو ہم کریں گے۔ اگر وہ امریکہ بابا آ کر وزیرستان میں حملہ کرتا ہے اور ہمارے وزیر داخلہ صاحب جو بیٹھے ہوئے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ اخلاقی طور پر بھی انہیں استعفیٰ پیش کرنا چاہیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، بلیدی صاحب بہت شکریہ' بہت شکریہ' one more minute بلیدی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، تو وہ ان کو پتا بھی نہیں کہ وہاں مدرسے پر حملہ ہوا تو اس لیے بھی میں کہتا ہوں کہ اگر ہم اپنے فیصلے خود کریں' اگر امریکہ کو کوئی مطلوب ہے وہ ہمارے ساتھ co-ordinate کریں' ہماری ایجنسیوں کو اعتماد میں لیں۔ ہمارے وزیر داخلہ کو بتائیں کہ مجھے اس مقام پر آپریشن کرنا ہے۔ تو اس لیے میں کہتا ہوں کہ اگر ہم دوسروں سے dictation لیں گے تو یہ حالات سدھر نہیں سکیں گے۔ تو ہمارے مقابلہ میں ایران ایک چھوٹا سا ملک ہے' لیکن آپ دیکھیں کہ وہ اپنے فیصلے خود کرتے ہیں تو اس ملک کے بحران کو ختم کرنے کے لیے مشرف صاحب فوری طور پر شفاف الیکشن کا اعلان کریں اور نگران حکومت بنائیں اور چیف جسٹس کو فوری طور پر بحال کریں۔ اس مسئلے کا حل یہی ہے۔ Otherwise اس ملک کو بچانا بڑا مشکل ہے ------

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، بہت شکریہ' پروفیسر ابراہیم صاحب۔

سینیٹر پروفیسر محمد ابراہیم خان، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! ایک بہت ہی حساس مسئلے پر اس وقت بحث ہو رہی ہے۔ میرے دوست امجد عباس

صاحب نے ۱۶ مارچ کے واقعات بتائے ہیں۔ "جیو" TV کے ساتھ جو کچھ ہوا اسی دن جناب چیئرمین! اس سے پہلے ہمارے ساتھ یہ واقعہ ہوا کہ پارلیمنٹ لاجز کے سامنے سڑک پر چار پانچ افراد نے ایک ایک فرد کو اٹھا کر پولیس کی بس میں ڈال دیا' اور وہاں سے تھانوں میں لے جایا گیا' اور ۲۴ گھنٹے تک ہمیں بند رکھا گیا' اور ۲۴ گھنٹے کے بعد پھر ایک order بتایا گیا کہ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد اپنا order واپس لے رہا ہے اس لیے آپ رہا ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ واقعات کا ایک سلسلہ ہے جو ۹ مارچ سے شروع ہوا اور آج تک چل رہا ہے اور پورا ملک ایک بحران کی لپیٹ میں ہے۔ جناب چیئرمین! اس وقت کئی باتوں پر اپوزیشن اور حکومت میں اتفاق پایا جاتا ہے۔ ایک وفاقی وزیر نے اس بات کا اعلان کر دیا کہ ججوں کو ڈنڈے نہ دکھائے جائیں مجھے ان کی بات سے مکمل اتفاق ہے' لیکن میں عرض کرنا چاہوں گا کہ ججوں کو فوجی وردی بھی نہ دکھائی جائے۔ فوجی وردی کی دکھانا اس طرح ججوں کو متاثر کرنا ہے جس طرح ڈنڈے دکھانا ہے۔ جناب چیئرمین! اس وقت ملک کے اندر ایک سیاسی شخص چیخ رہا ہے فریاد کر رہا ہے تو وہ اس ملک کا مظلوم ترین شخص ہے اور اس کے خلاف سازشیں ہو رہی ہیں۔ ہم بھی یہی کہتے ہیں کہ جنرل پرویز مشرف اس وقت ملک کے اندر مظلوم ترین شخص بھی ہیں اور ان کے خلاف سازشیں بھی ہو رہی ہیں۔ ان سازشوں کا ان کو مقابلہ کرنا چاہیے۔ وہ مقتدر ہے اور سب سے زیادہ اختیارات بھی اس کے پاس ہیں لیکن اس کے باوجود وہ یہ کہہ رہا ہے کہ وہ مظلوم بھی ہے اور اس کے خلاف سازشیں بھی ہو رہی ہیں۔ جناب چیئرمین! اپنی بات زیادہ لمبی نہیں کروں گا۔

یہاں پر دوستوں نے تجاویز پیش کی ہیں' میں بھی اپنی تجاویز پیش کر کے بات ختم کرنے کی کوشش کروں گا۔ جناب عبدالرحیم مندوخیل صاحب نے یہ بات فرمائی کہ 12th October, 1999 کو zero point تصور کیا جائے' مجھے اس سے مکمل اتفاق ہے۔ آئین کو اسی صورت میں بحال کیا جائے اور اس سے آگے ہم سفر شروع کر دیں۔ اسی طریقے سے یہ بات یہاں پر کہی گئی ہے کہ اس بات کی ضرورت ہے کہ ایک بار پھر قوم سے mandate لیا جائے اور قوم کو یہ حق دیا جائے کہ وہ اس ملک کے حکمران کس کو بنانا چاہتے ہیں' الیکشن کا اعلان ہو۔ چیئرمین سینیٹ کو acting president بنا دیا جائے اور جمہوری حکومت بنا کر اس کے تحت الیکشن کروائے جائیں۔ اس ذریعے سے ملک کا بحران ختم ہو سکتا ہے ورنہ حکومت جس طرف ملک کو لے

جا رہی ہے وہ تباہی و بربادی کا راستہ ہے۔ میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ ان کو ہوش کے ناخن دے اور ان کو صحیح راستہ سجھائے۔ میں اپنی گفتگو اسی شعر پر ختم کرنا چاہوں گا۔

ہر جابر وقت سمجھتا ہے محکم ہے میری تدبیر بہت
پھر وقت اسے بتلاتا ہے تھی کند تیری شمشیر بہت

شکریہ۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر، آپ کا بہت شکریہ۔ کامل علی آغا صاحب۔

سینیٹر کامل علی آغا، نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم۔ اما بعد جناب پریذائیڈ نگ آفیسر صاحب' بہت شکریہ' آپ کی مہربانی کہ آپ نے مجھے وقت دیا۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر، پانچ منٹ کا وقت دیا ہے۔

سینیٹر کامل علی آغا، جتنا وقت محترم کھوسہ صاحب نے لیا ہے' جب وہ وکیل بنے تھے تین چار ماہ بعد میں بنا تھا۔ اتنا فرق ہوگا انشاء اللہ۔ گزارش یہ ہے کہ آج میڈیا کی آزادی اور ٹی وی چینلز پر پابندیوں کے متعلق بات ہو رہی ہے اور میں ابھی بیٹھا سوچ رہا تھا کہ یہاں پر جتنی بھی بات ہوئی ہے اس کے اندر اگر ہم غور کریں تو یہ دیکھنا پڑے گا کہ اس دور کے اندر کیا کچھ ہوا اور پچھلے ادوار کے اندر کیا کچھ ہوا۔ ایک انصاف کا ترازو ضرور سامنے رکھنا پڑے گا اور خاص طور پر ہم لوگوں کو جو کہ سیاست کرتے ہیں اور سیاسی کارکن ہیں اور سیاسی کارکن ہمیشہ آزادی اظہار کی بات کرتا ہے۔ میں لمبی تاریخ بیان نہیں کروں گا، لیکن اگر آپ غور کریں گے تو آپ کو پتا چلے گا کہ آج الحمدللہ اگر کوئی چھوٹا سا واقعہ بھی ہوا تو اس میں میڈیا کی آزادی کو پامال نہیں کیا گیا بلکہ اس کے متعلق پورے یقین کے ساتھ کوشش کی گئی کہ معاملات کو sort out کیا جائے۔ "جیو" کے معاملے میں آپ دیکھیں کہ واقعہ رونما ہو رہا تھا اور پاکستان کی تاریخ میں پہلا واقعہ ہے کہ وزیر اطلاعات موقع پر موجود تھے اور انہوں نے یہ بات کی ------

(مداخلت)

سینیٹر کامل علی آغا، میں آپ کو ایک واقعہ سنا دیتا ہوں۔ ایک کمزور آدمی ایک پہلوان کو مار رہا تھا۔ ابھی آج ہی میرے دوست نے قومی اسمبلی میں مجھے یہ واقعہ سنایا تو مجھے یاد

آیا۔ وہ پہلوان ٹائپ کا بندہ تھا نیچے گرا ہوا تھا کمزور آدمی میرے جیسا اس کو دبڑ دبڑ مار رہا تھا اور ساتھ روئے جا رہا تھا' زبردست رو رہا تھا' رو رہا ہے' چلا رہا ہے اور مارے جا رہا ہے۔ تو آپ جیسے کسی سیانے نے پوچھا کہ ایک تو مارے جا رہے ہو اور ساتھ ہی روئے جا رہے ہو' بات کیا ہے؟ اس نے کہا کہ جب یہ اٹھے گا تو اس نے مجھے بہت مارنا ہے۔ تو ان کی یہ حالت ہوئی ہوئی ہے۔ بات یہ ہے کہ کوئی بات نہیں حوصلے سے بات سنیں۔ صدر پاکستان نے اس پر اظہار افسوس کیا۔ وزیر اعظم پاکستان نے اس پر اظہار افسوس کیا' اور یہ جو سندھ کے اندر پابندی کی بات ہو رہی ہے' میں چینل پر سن رہا تھا کہ جی پابندی لگا دی گئی اور یہ نمبر ہیں جو بندہ جس گھر کے اندر اس کو چینل نظر نہیں آ رہا وہ اس نمبر پر اطلاع دے۔ جناب پیئرمین! میں نے دو گھنٹے بات سنی۔ دو گھنٹے ڈھائی گھنٹے کسی ایک caller نے اس نمبر کے اوپر اطلاع نہیں دی کہ میرا ٹی وی چینل نہیں آ رہا۔ یہ دکھایا جا رہا تھا کہ فلاں نے اس کے اوپر مذمت کر دی ہے۔ سندھ نے مذمت کر دی ہے' پنجاب نے مذمت کر دی ہے' لیکن کوئی ایک caller line پر نہیں آیا جو یہ کہے کہ میرا چینل نہیں چل رہا۔ بات تو ثبوت کے ساتھ ہونی چاہیے۔ اس کے باوجود حکومت نے کیا کہا' حکومت نے یہ کہا کہ ہم اس بات کو sort out کریں گے۔ ہم آزادی دینے والے ہیں۔ جناب چیئرمین! پاکستان کی تاریخ کے اندر 78 گھنٹے' ریکارڈ لکھ لیں' 78 گھنٹے کسی حکومت نے اپنے خلاف چینلوں کے اوپر نعرے بازی نہیں سنی ہوگی' تنقید نہیں سنی ہوگی۔ ایسی ایسی باتیں کہلوائی گئیں جو حکومت کے خلاف منہ میں ڈالنے والی بات ہوتی ہے اور حکومت نے برداشت کی۔ یہ گینز بک آف ریکارڈ میں لکھا جائے گا کہ 78 گھنٹے لگاتار' یہ کوئی چھوٹی بات نہیں ہے۔ وہ لوگ بات کرتے ہیں جن کے دور میں صحافی بات کرتا تھا تو اس کو دفتر سے اٹھا لیا جاتا تھا' اگر کوئی سیاسی آدمی بات کرتا تھا تو اخبارات کی سیڑھیوں سے پکڑ کر لے جایا جاتا تھا۔ کامل علی آغا کو ایک ہفتے کے اندر تحریک نجات میں تین مرتبہ گرفتار کیا گیا۔ میرا قصور یہ تھا کہ میں اپنے سیاسی کارکنوں کی وکالت کر رہا تھا۔ ایک ایک دن ستائیس ستائیس مقدمات رجسٹر کئے گئے۔ آئیں میں دکھاتا ہوں میرے آفس میں آجائیں۔ کیا وکالت اور انصاف یہ کہتا ہے' کس وکیل کی یہ تربیت ہے۔ پاکستان میں نہیں بلکہ دنیا کے اندر قاتل کو بھی یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنا وکیل کرے۔ قاتل کا بھی ایک وکیل ہوتا ہے۔ آج یہ بات کرتے ہیں کہ وکلاء کے ساتھ زیادتی ہوئی میں کہتا ہوں کہ وکلاء کی

جدوجہد ہمیشہ رہی ہے۔ عدلیہ کی عظمت کے لیے، آئین کی بحالی کے لیے، قانون کی بالادستی کے لیے یہ وکلاء کا حق ہے لیکن ہر مقدمے میں دو وکیل ہوتے ہیں ایک for ایک against، ایک حق میں دلائل دیتا ہے، ایک مخالفت میں دلائل دیتا ہے۔ کبھی کسی کو، یا مجھے یہ حق نہیں ملا اس لئے کہ میں ایک وکیل ہوں یا بار کا عہدے دار ہوں اور مجھے یہ حق ہو۔ جناب وسیم سجاد جیسے عظیم اور لائق وکیل، جہانگیر دو مرتبہ لاہور بار کا صدر، ایک مرتبہ لاہور ہائی کورٹ کا صدر، عالمگیر ایڈووکیٹ، سینیئر ایڈووکیٹ تین مرتبہ پنجاب بار کونسل کا ممبر، لاہور بار کا صدر ان کو کوٹوں سے پکڑ کر، ان کے ساتھ زیادتی ان کو یاد نہیں آرہی۔ مجھے ابھی کھوسہ صاحب کے اوپر افسوس ہو رہا تھا۔ ان کی زیادتی ان کو یاد نہیں آرہی۔ خالد رانجھا کے ساتھ زیادتی یاد نہیں آرہی، وہ وکیل نہیں ہیں؟ وہ ہائی کورٹ بار کا صدر نہیں رہا؟ مجھے 19 تاریخ کا نوٹس پنجاب بار کونسل کی طرف سے ملا، میں ان نوٹسوں کی پرواہ کرنے والا نہیں ہوں۔ میں وکیل ہوں اور مجھے پتا ہے کہ وکیل کے کیا فرائض ہوتے ہیں۔ یہ کہتے ہیں کہ ہم جنگ لڑیں گے، یہ کونسی جنگ ہے کہ وکیل اگر کسی دوسرے کا موقف پیش کر رہا ہو تو اس کا گریبان پکڑ لیا جائے۔ کونسی وکالت ہے؟ کونسی بار ہے؟ پوری دنیا کی بار کونسلوں کے بار دکھائیں جن میں یہ رویہ اختیار کیا جاتا ہو۔ مجھے شک ہو رہا ہے۔ میں ابھی سوچ رہا تھا کہ یہ میڈیا کی جنگ لڑ رہے ہیں، آزادی صحافت کی جنگ لڑ رہے ہیں، آزادی اظہار کی جنگ لڑ رہے ہیں، آزاد عدلیہ کی جنگ لڑ رہے ہیں، جمہوری اقدار کی جنگ لڑ رہے ہیں، بحالی جمہوریت کی جنگ لڑ رہے ہیں، آئین کی بالادستی کی جنگ لڑ رہے ہیں، قانون کی بالادستی کی جنگ لڑ رہے ہیں، یا یہ اقتدار کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ ان کا مطالبہ بھی ابھی آپ نے سنا ہوگا۔ میں تو پہلے بھی کئی مرتبہ کہہ چکا ہوں، یہ ابھی سپریم کورٹ کے پریس ریلیز کی بات کر رہے تھے، یہ بھی تو ہمیں میڈیا نے جانی ہے۔ میڈیا پر سارا دن اس پریس ریلیز کی بات ہوتی رہی۔ یہ جب بات کر رہے تھے تو مجھے لگ رہا تھا کہ ایک طرف میڈیا کی آزادی کی بات کر رہے ہیں دوسری طرف ان کو کہہ رہے ہیں کہ تم خبر غلط دے رہے ہو۔ یہ سپریم کورٹ نے ان کو دی ہوگی اور وہ خبر دے رہے ہیں کہ یہ پریس ریلیز سپریم کورٹ نے جاری کی ہے، یا رجسٹرار نے جاری کی ہے۔ ان سے پوچھیں ہم تو اس کے جوابدہ نہیں ہیں۔ ان سے پوچھیں کہ کس نے جاری کی ہے؟ لیکن میرا فرض بنتا ہے ایک وکیل کی حیثیت سے بھی، ایک عام شہری کی حیثیت سے

بھی، ایک سیاسی کارکن کی حیثیت سے، جناب چیئرمین! ایک سیاسی کارکن جو سوچ رکھتا ہے اس کی سوچ ہمیشہ یہی رہی ہے کہ ملک کے اندر جمہوریت کا تسلسل رہے۔ ان کو ہمت نہیں ہوئی، یہ تین تین مرتبہ اقتدار میں رہے، لیکن انہوں نے آئینی طور پر، قانونی طور پر وہ کام نہیں کئے کہ جمہوریت کا تسلسل قائم رہ سکے۔ انہوں نے شہری آزادیاں اس حد تک نہیں دیں کہ جمہوریت کا تسلسل قائم رہ سکے۔ اپنے ادوار میں انہوں نے صرف اور صرف اپنی جیبیں بھرنے کا منشور سامنے رکھا۔ کبھی یہ جمہوریت کا تسلسل قائم نہیں رکھ سکے۔ آج جنرل پرویز مشرف صاحب بات کر رہے ہیں کہ یہ اسمبلیاں وقت پورا کریں گی۔ ان کا مطالبہ دیکھا ہے کہ ابھی آٹھ ماہ رہتے ہیں، یا سات ماہ رہتے ہیں، الیکشن کروا دیں جی۔ پھر چیف جسٹس صاحب فارغ ہو جائیں گے۔ پھر ان کو چیف جسٹس صاحب کی ضرورت نہیں رہے گی۔ اب ان کو ضرورت ہے کیونکہ یہ اقتدار کی جنگ ہے اور اقتدار کی جنگ نہ ماں دیکھتی ہے، نہ باپ دیکھتی ہے، نہ بیٹا دیکھتی ہے، صرف اقتدار دیکھتی ہے۔ مجھے آپ کو اوپر بیٹھے دیکھ کر حسرت ہو رہی ہے۔ آج یہاں کا اقتدار آپ کے پاس ہے۔ یہ ان کی سیاست ہے اور یہ صرف اقتدار تک پہنچنا چاہتے ہیں۔ ان کا کوئی مشن نہیں ہے۔ مشن ہوتا تو آزادی اظہار یہ دیتے، مشن ہوتا تو میڈیا کو آزادی یہ دیتے، کونسے میڈیا کی آزادی کی بات کرتے ہیں جن کو ہم نے یہ چینل دیئے، یہ آزادی دی کہ 78 گھنٹے ہم ان کی زبان سے اپنی مخالفت سن رہے ہیں۔ کوئی انتقامی کارروائی نہیں ہے۔ جہاں تک بات ہے منیر اے ملک صاحب کی وہ ہمارے وکلاء کے representative ہیں۔ ہمیں افسوس ہے کہ ان کے گھر پر فائرنگ ہوئی۔ ہمیں افسوس ہے کہ ان کے دفتر پر تالا لگا۔ کیا واقعات ہیں وہ ہمارے محترم وزیر صاحب فرمائیں گے لیکن ہم افسوس بھی کرتے ہیں اور ان کے گھر پر واقعہ کی مذمت بھی کرتے ہیں۔ انشاء اللہ حکومت کا یہ مشن ہے اور اس کو ضرور sort out کرے گی۔ جو ملزمان ہونگے وہ انشاء اللہ کیفر کردار تک پہنچیں گے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، شیر پاؤ صاحب۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، میرے پاس جتنے نام تھے، میں نے پڑھ لیے ہیں، اگر

کوئی رہ گیا ہے تو .I am sorry میرے پاس یہ لسٹ ہے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، اب ایک رہ گیا ہے تو اس کو issue نہ بنائیں۔ ان کا نام بھی رہ گیا ہے تو اب کیا کیا جائے۔ جناب اب floor دے دیا ہے۔ اب آپ پلیز اس کو چھوڑ دیں۔

سینیٹر ڈاکٹر عبدالخالق پیرزادہ، چیئرمین صاحب! ہمارا نام بھی رہ گیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، ہاں مجھے پتا ہے۔ شیرپاؤ صاحب، میں نے آپ کو floor دیا ہے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب چیئرمین! House اتنا چلا ہے اور میرا خیال ہے کہ--

جناب پریذائیڈنگ افیسر، میرے پاس ایک لسٹ ہے، آپ دیکھ لیں اس میں نام نہیں ہے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب! آپ ایک منٹ میری بات سن لیں، اگر غلطی سے لسٹ میں ایک دو نام رہ گئے ہیں تو I am sure the Treasury Benches and Sherpao Sahib will accommodate. اتنا House چلا ہے ....5,10 minutes may not

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، دیکھیں، دو آدمی تو وہاں سے ہیں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب! دو ادھر ہیں، ایک ادھر لیاقت صاحب ہیں۔

سینیٹر کامل علی آغا، جناب چیئرمین! دو، دو منٹ دے دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، یہ دو منٹ کو پندرہ منٹ پر لے جاتے ہیں۔

جناب آفتاب احمد خان شیرپاؤ، ہمیں اعتراض نہیں ہے لیکن وقت بہت ہو گیا ہے۔ اب دیکھیں جی یہ Adjournment Motion ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، کیا فرق پڑا، اب آپ نے issue تو----

جناب آفتاب احمد خان شیرپاؤ، جناب! یہ Adjournment Motions ہیں،

قابل احترام صاحبان نے اس کی پوری کہانی بیان کی ہے۔

جناب پریذائیڈ نگ آفیسر، پوری آپ لسٹ دیکھیں۔

جناب آفتاب احمد خان شیرپاؤ، یہ تو صرف just Adjournment Motion law and order پر تھی اور ان کے---

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، سترہ آدمیوں نے تقریر کی ہے۔ اب ایک رہ گیا ہے تو my apology sir.

سینیٹر میاں رضا ربانی، ایک' ایک سپیکر رہ گیا ہے ----

جناب پریذائیڈنگ آفیسر، جناب' میری apology اگر رہ گیا ہے تو پھر کل کھڑے ہو کر تقریر کر لیجیے گا۔ .Thank you جی شیرپاؤ صاحب' وہ agree کر گئے ہیں۔

جناب آفتاب احمد خان شیرپاؤ، جناب چیئر پرسن بہت بہت شکریہ۔ میں زیادہ وقت اس لیے نہیں لوں گا کیونکہ جو Adjournment Motions تھے' ان کو confine کر کے ہی کچھ بات کرنا چاہوں گا کیونکہ آج ہمارے معزز اراکین سینیٹ نے بڑی تفصیل سے ان واقعات اور نو مارچ کے بعد جو واقعات ہوئے ان پر روشنی ڈالی۔ ہمارے قابل احترام وزیر صاحب نے بھی ان کو بخوبی جواب دیا۔ جو electronic media کا مسئلہ ہے' اس پر انہوں نے بات کی' میں زیادہ نہیں کرنا چاہتا۔ ایک چیز جس کا Adjournment Motion کے ساتھ تعلق نہیں ہے' لیکن منیر اے ملک صاحب کا جو واقعہ ہوا ہے' اس پر جیسا کہ وزیر صاحب نے کہا ہم سب کو اس واقعہ پر افسوس ہے۔ انہوں نے ان ہی کے مددگار کو ٹیلیفون کیا تو وہ گئے اور انہوں نے اس کا case register کیا ہے اور ہم یہ چاہیں گے کہ جو case register ہوا ہے' اس میں جنہوں نے یہ کام کیا ہے' اس کی مکمل تحقیق ہو اور اس کے ساتھ انصاف ہو' اس میں کوئی دوسری بات نہیں ہے۔ انشاء اللہ تعالی ہم اس میں اس لحاظ سے کوئی کوتاہی نہیں کریں گے۔

جناب چیئرمین! بنیادی طور پر تو دو issues لیے گئے۔ ایک media کا اور دوسرا جو lawyers and political leaders پر لاٹھی چارج کی بات ہوئی اور ان پر جو تشدد کی بات کی گئی ہے' میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ initially جب Supreme Judicial Council کا انعقاد ہوا'

پہلے سولہ تاریخ کو اور اس کے بعد شاید ایک یا دو دفعہ اور ایسے واقعات رونما ہوئے تھے' اس کو آپ نے اس پس منظر سے دیکھنا ہے کہ لاہور میں جب جلوس نکلے تو دفعہ 144 تھی۔ اب ایک citizen, lawyer کو یہ بھی سوچنا چاہیے کہ قانون کی پاسداری کرنا بہت ضروری ہے۔ اس کے باوجود بھی processions نکلے ہیں اور ان میں کچھ تلخی بھی ہوئی' کچھ دوست زخمی بھی ہوئے' اس میں کوئی شک نہیں ہے' لیکن اس کے بعد جتنے بھی واقعات' rallies, hearings ہوئی ہیں یہ سلسلہ ایک understanding کے ساتھ جاری رہا۔ ہم نے کبھی کسی democratic process یا political parties کے رہنما اور کارکنان کو روکا اور نہ ہی ان پر تشدد کیا۔ یہاں پر جو ۱۶ تاریخ کا واقعہ تھا اس میں یہ علی الاعلان کہا گیا تھا کہ ہم شاہراہ جمہوریت پر نماز جمعہ پڑھیں گے' Constitution Avenue پر جمعہ کی نماز پڑھیں گے۔ دیکھیں جناب! آپ اگر ایک شاہراہ کو روکتے ہیں' نماز کے لئے مسجدیں ہیں۔ نماز کا وہی طریقہ ہے کہ جمعہ کی نماز مسجد میں پڑھی جاتی ہے۔ آپ کہتے ہیں کہ ہم شاہراہ پر ہی پڑھیں گے۔ چلیں اگر ایسی ہی بات ہے تو پھر انتظامیہ کے ساتھ طے کرلیں کہ یہاں پر ہم نے نماز پڑھنی ہے' لیکن آپ پوری شاہراہ جمہوریت کو روک دیں' اس طرح اگر ہم جمہوریت کی اور عوام کی بات کرتے ہیں تو پھر کم از کم اتنی تو قانون کی پاسداری کرنی چاہیے اور کچھ طریقہ کار طے کرنا چاہیے۔ یہ بالکل نہیں کیا گیا تھا اس کی وجہ سے جب سیاسی کارکنوں کو روکا گیا تو stones throwing شروع ہوئی جس کی وجہ سے مختلف جگہوں پر تھوڑا بہت لاٹھی چارج کیا گیا۔

جناب والا! ہم نے بھی جیلیں کاٹی ہیں' ہم بھی اسی process سے گزرے ہیں' ہم نے کبھی ایسے حملہ نہیں کیا۔ اگر سیاسی کارکنوں کو جیل بھیج دیا جاتا ہے تو یہ اس کے لیے ایک لحاظ سے value added ہو جاتا ہے'۔ بہرحال یہ کوئی دیدہ دانستہ نہیں تھا۔ یہاں پر میں کہنا چاہتا ہوں کہ کوشش کی گئی ہے کہ کسی وکیل کے ساتھ کوئی زیادتی نہ ہو' اور وکلاء آتے رہے ہیں' نعرے بھی لگانے ہیں' وکلاء نے ہر قسم کے نعرے لگا کر اپنا احتجاج کیا ہے لیکن کسی نے ان کے ساتھ نہ کوئی بدسلوکی کی' نہ زیادتی کی اور نہ ہی state force استعمال ہوئی ہے۔ جناب! میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ حالات اس رخ کی طرف لے جانے جا رہے ہیں کہ ملک میں ایمرجنسی نافذ کی جا سکے۔ ایمرجنسی کیوں نافذ ہو گی؟

جناب چیئرمین صاحب! موجودہ حکومت نے تقریباً ساڑھے چار سال گزار دیئے ہیں۔ ان ساڑھے چار سالوں میں landmark development ہوئی ہے' economy بہتر ہوئی ہے' سب اچھے indicators ہماری favour میں جا رہے ہیں۔ ہم کیوں چاہیں گے کہ ملک میں حالات خراب ہوں اور ایمرجنسی نافذ ہو۔ وہ تو بعض لوگوں کی شاید خواہش ہوگی کہ ایمرجنسی نافذ ہو اور یہ سلسلہ تیز ہو، ہم کسی صورت میں نہیں چاہتے اور ہماری ہمیشہ جمہوری ناتے سے یہ کوشش رہی ہے کہ جو بھی حکومت آتی ہے وہ اپنا tenure پورا کرے اور یہ اب پہلی بار ہوگا کہ انشاء اللہ تعالیٰ یہ موجودہ حکومت اپنا tenure پورا کرے گی اور یہاں پر on the floor of this House کہا جا رہا ہے کہ فوری طور پر اسمبلی کو برخاست کریں اور انتخابات کروائیں۔ کیوں کرائیں؟ یہ ہمارا حق بنتا ہے بطور ممبر' میرا خیال ہے جتنے یہاں ممبران بیٹھے ہوئے ہیں ان سب کا حق بنتا ہے کہ وہ اپنا tenure پورا کریں and this is their right, why should elections be held before time? Yes, government has an option , but why should we held اور ہم دنیا کے لوگوں کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ here is the government جس نے اپنا وقت پورا کیا ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ یہ وقت موجودہ حکومت پورا کرے گی اور جب elections آئیں گے تو پھر جو بھی طریقہ ہوتا ہے کہ کس طریقے سے انتخابات ہوں۔ اگر ان کے کوئی تحفظات ہیں تو ان کو دور کیا جا سکتا ہے۔ We want transparent elections, transparent elections for the reason کہ we would win them on our performance, performance of the Government جو کہ موجودہ گورنمنٹ نے اپنی performace دی ہے۔

Why should we be scared of the elections? But elections have the proper time and they will be transparent, there is going to be no doubt in that کہ اس میں وہ نہیں ہوگا۔

دوسری بات جو میڈیا کے حوالے سے میرے بھائی نے کی ہے' میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ for the first time in Pakistan over 50 channels کام کر رہے ہیں' کبھی ہوا نہیں اور جیسے کہ میرے بھائی نے کہا کہ 78 hours وہ حکومت کے خلاف ہی بولتے رہے۔ آپ دیکھیں کہ جتنے بھی talk shows تھے اس میں حکومت کا ایک نمائندہ ہوتا تھا اور اپوزیشن کے دو

نمائندے ہوتے تھے۔ This is what a democratic process is. ہم "جیو" پر حملہ کیوں کریں؛ جہاں تک" جیو" کی بات ہے اس پر judicial inquiry order ہوئی اور میرے پاس اس کی رپورٹ ہے۔ انہوں نے جو suggestions دیئے اور جو لوگ اس میں involved تھے let me tell you, it was a spur of the moment ایک واقعہ ہوا ہے اس میں لوگ suspended ہیں، ان کے خلاف cases شروع ہیں اور وہ منطقی انجام تک پہنچیں گے کیونکہ ہم جمہوریت پر یقین رکھتے ہیں and this is also for the first time that President of Pakistan rings up انہوں نے کہا کہ جو کچھ ہوا اچھا نہیں ہوا۔ The Prime Minister of Pakistan went to their office. Information Minister نے خود بات کی ہے۔ ہم نے خود آزادی دی ہے اور ایک democratic ملک میں آزادی ہونی چاہیے اور باقی جو ہمارے neighbours ہیں اس پر رشک کرتے ہیں کہ پاکستان میں صحافت کو آزادی ملی ہے۔ یہ کہنا کہ جی ہم ان کا گلہ گھونٹنا چاہتے تھے یا ہم ان کو بند کرنا چاہتے تھے یہ بالکل غلط ہے، let me assure this House کہ انشاء اللہ تعالیٰ کم از کم موجودہ حکومت ایسے کام کسی صورت میں بھی نہیں کر سکتی۔

جناب چیئرمین! یہ کہتے ہیں کہ ہمارے جلوس کو روکا گیا۔ ٹھیک ہے political parties جلوس نکالیں، ریلی نکالیں، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن آپ کہتے ہیں کہ چیف جسٹس نے وہاں کراچی میں سندھ ہائیکورٹ سے خطاب کرنا ہے، ہمیں تو کوئی اعتراض نہیں ہے۔ اس کو ریلی میں کون لیجا رہا ہے؟ Political parties لیجا رہی ہیں، بالکل جائیں ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔ یہ بھی صحیح ہے کہ جب وہ لاہور جا رہے تھے تو ان کو خط بھیجا گیا، ضرور بھیجا گیا لیکن جب انہوں نے کہا کہ نہیں میں by road جانا چاہتا ہوں تو ان کو کسی نے نہیں روکا۔ پوری رات 28 hours یا جتنی بھی دیر وہ سڑک پر رہے انہیں کسی نے نہیں روکا، اور موجودہ گورنمنٹ کی یہی پالیسی ہے کہ ہم نہیں چاہتے کہ کوئی ٹکراؤ ہو۔ اگر کوئی ٹکراؤ ہو گا تو اس سے حکومت کو کوئی فائدہ نہیں پہنچتا۔ ہم نہیں چاہیں گے اور نہ انشاء اللہ تعالیٰ ہماری یہ کوشش ہو گی۔ چیف جسٹس صاحب ادھر جانا چاہتے ہیں تو بالکل جائیں۔ جو خدشات ہیں ان سے ہم نے ان کو ضرور آگاہ کیا ہے، اگر خدشات سے آگاہ نہیں کرتے تو کل کہتے کہ جی آپ کو ایک بات کا علم تھا اور آپ نے نہیں پہنچائی۔ باقی فیصلہ ان کا ہے کہ وہ جاتے ہیں یا نہیں جاتے۔ اس لحاظ سے میں

یہ سمجھتا ہوں کہ یہ بتانا ان کو ضروری تھا اور موجودہ حکومت کی یہی کوشش ہو گی کہ democratic process جاری رہے اور اس میں کوئی رکاوٹ نہ ہو۔ جہاں تک حکومت پاسداری کر رہی ہے اسی طرح ہم چاہتے ہیں کہ Opposition بھی پاسداری کرے۔جہاں پر دفعہ 144 ہے اس کے لیے جو طریقہ ہوتا ہے وہ اپنانا چاہیے۔ Supreme Court کے بارے میں جو press release کی بات ہوئی ہے' میرے خیال میں اگر کسی کو کاپی ملی ہے اور اس پر دستخط نہیں ہوئے' یہ بڑی simple بات ہے اگر Supreme Court نے اسے issue نہیں کیا تو they will issue a contradiction immediately کہ یہ ہم نے نہیں کیا۔ اس سے پہلے سپریم کورٹ نے کسی خاص بات پر observation کی تھی اس پر انہوں نے اپنی contradiction دی تھی۔ اگر اس پر contradiction آ جاتی ہے تو آپ کہہ سکتے ہیں کہ یہ سپریم کورٹ کی طرف سے نہیں ہے۔ Constitution بھی یہ ہے کہ you cannot criticise the Judges, Article 62 پہلے سے ہی موجود ہے۔ یہ کہنا کہ یہ سب کچھ حکومت کی طرف سے ہے' بالکل نہیں ہے۔ ایک ممبر صاحب نے یہ کہا کہ حکومت ملک میں حالات جنگ پیدا کر رہی ہے۔ ہم کیوں پیدا کریں گے؛ ہم ملک کو اس momentum میں آگے لے جانا چاہتے ہیں کہ time پر election ہو اور اس کے ساتھ ہم چاہتے ہیں کہ جمہوریت کا تسلسل بحال رہے۔ میں یہ on the floor of the House کہنا چاہتا ہوں' جیسے یہ کہا جا رہا ہے کہ Judges کو blackmail کیا جا رہا ہے' کسی Judge کو blackmail نہیں کیا جا رہا اور neither Judge of the Supreme Court is blackmailed. They are honourable Judges of the Supreme Court and they cannot be blackmailed as such. جہاں تک لاہور اور کوئٹہ کے واقعات کا تعلق ہے اس بارے میں اس وقت Acting Chief Justice نے inquiry orders کیے ہیں And the matter is subjudice let those reports come اور اسی report کے مطابق جو بھی وہ recommendations دیں گے اس کے مطابق ہم اس کے اوپر عمل کریں گے۔ یہ اس وقت کے Acting Chief Justice جاوید اقبال صاحب نے order کیے ہیں

let those reports come and we will act accordingly to those reports. So, I have been trying to summarize the whole thing.

اب میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ یہ مسئلہ سپریم کورٹ کا ہے۔ سپریم جوڈیشل کونسل کا ہے۔
Political parties نے اس کو politierse بھی کیا ہے۔ لیکن حکومت کا موقف یہ ہے کہ

now the full bench has been constituted, let them function, let them give a decision. Whatever the decision is, it would be abided by wholly and solely with heart and soul by the Government and I hope it is done by everyone. It is taken in that style by everyone. I would say that we are very sorry for the incident which took place with Mr. Wasim Sajjad, Ranjha Sahib and the rest of the lawyers. I think they had a right and that right they will continue and they are great people. I would also say that those lawyers who were injured, they had not been injured intentionally. We are sorry for that. Let us continue on the right path. Let these Assemblies and Senate function till their terms. Thank you.

**Mr. Presiding Officer:** Yes, Mian Raza Rabbani.

**Senator Mian Raza Rabbani:** Mr. Chairman! the debate is now concluded and on behalf of the combined opposition, I would like to state that in support of the movement of the lawyers and political forces for free and independenet judiciary, the combined opposition will walk out at this stage.

**Mr. Presiding Officer:** The House is adjourned to meet again tomorrow at 10.00 a.m. Thank you.

---

*[The House was then adjourned to meet again on the 11th May, 2007 at 10.00 a.m.]*

---